# ایسر القرآن

## 14 رُبَمَا

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
با محاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار
**ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمیٰ ضمیر خان صاحبہ** اور **انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب**
نے تخلیق و تجویز فرمایا...... اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| تدوین و ترتیب | : | ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمیٰ ضمیر خان |
| تسوید و تصحیح | : | ابو سعد محمد شفیق خاں جالندھری |
| پروف ریڈنگ | : | ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان |
| نظرِ ثانی | : | ابُو عبداللہ مفتی محمد مسعود ظفرؔ |
| اہتمام | : | حافظ محمد عثمان عیشؔ |
| پارہ | : | رُبَمَا 14 |
| اشاعت اوّل | : | |
| تعداد | : | 1000 |
| طباعت | : | اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز |

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز :
خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک
صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق
1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202
www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

# القرآن الكريم

# رُبَمَا 14

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
با محاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔ اس کے باوجود قرآنِ مجید کو مختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منتخب فرمایا۔ فہم قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔ اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں، مگر بدقسمتی سے عربی زبان کو عربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کو صحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔ اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی (قاعدے) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اور اس کے ترجمہ و تفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق **"قرآن سمجھو"** تحریک کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کو عام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔ پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔ عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش و کاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت و تجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

① **جزم والا همزه:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں "x" کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

يَأْتُوكُمْ　یَ x تُ وْ کُمْ　مُؤْمِنِيْنَ　مُ x مِ نِ یْ نَ

② **مد متصل:** اگر حروف مدہ (واوٗ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مِدّ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ　جا... ءَ کُ مْ　سُوْٓءَ　سُ وْ ... ءَ　سَيِّئٰتُ　سَیْ ... ءَ تُ

③ **مد منفصل:** اگر حروفِ مدہ (واوٗ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ اُنْزِلَ　بِ مَا.. اُنْ زِ لَ　قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا　قُ وْ لُ وْ.. آ مَنْ نَا　فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ　فِیْ.. اَنْ فُ سِ کُمْ

④ **ادغام تام** اور **مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

① ایک حرف دو مرتبہ ایک کلمہ یا دو کلموں میں اس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن کو متحرک میں مدغم کردیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ　اِذْ هَ بْ بِ کِ تَا بِ یْ　سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا　سَ عْ یُ کُمْ مَ شْ کُ وْ رَا　عَنْ نَّفْسِيْ　عَنْ نَفْ سِ یْ

② اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اور ان کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک حرف میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اُحِطْتُّ　اُ حِ ت تُ　اِذْ ظَّلَمُوْا　اِ ظْ ظَ لَ مُ وْ　قَدْ تَّبَيَّنَ　قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

③ اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ　اَ لَ مْ نَ خْ لُ کْ کُمْ　قُلْ رَّبِّيْ　قُ رْ رَ بْ بِ یْ　مِنْ رَّحِيْقٍ　مِ رْ رَ حِ یْ قِنْ

⑤ **ادغام ناقص میں صوت (آواز):** "ن" ساکن یا "ن" تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ "ن" کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغام ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ يَّفْعَلْ　مَ ئیں یَ فْ عَ لْ　مَنْ يَّشَآءُ　مَ ئیں یَ شَا... ءُ　عِلْمًا وَّ　عِ لْ مَا وَں وَ　جَنّٰتٌ وَّ　جَ نْ نَا تُوں وَ

**نوٹ:** تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری "قواعد و ضوابط" تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔　(ادارہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢ | رُبَمَا | رُ بَ مَا | بسا اوقات | | |
| | يَوَدُّ | يَ وَ دْ دُ | تمنا کریں گے | ودد | وَدُود (اللہ کا نام)، مَوَدَّت (مَحبّت) |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | لَوْ | لَ وْ | کاش کہ | | |
| | كَانُوْا | كَ ا نُوْ | وہ ہوتے | ك و ن | |
| | مُسْلِمِيْنَ ② | مُسْ لِ مِيْ نَ | مسلمان! | س ل م | اِسلَام، مُسلِم، مُسلمَان، سَلَامتی، تَسلِیم |
| ٣ | ذَرْهُمْ | ذَ رْ هُمْ | آپ انہیں چھوڑیئے | و ذ ر | |
| | يَأْكُلُوْا | يَ x كُ لُوْ | وہ کھائیں | ء ك ل | اَکلِ حلال، اَکل و شُرب |
| | وَيَتَمَتَّعُوْا | وَ يَ تَ مَتْ تَ عُوْ | اور فائدہ اُٹھائیں | م ت ع | مَتَاعِ کَاروَان، مَتَاعِ عَزِیز<br>مَتَاعِ دُنیا، مَتَاعِ آخِرَت |

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ② ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَ يَتَمَتَّعُوْا

وہ بھی وقت ہوگا کہ کافر اپنے مسلمان ہونے کی آرزو کریں گے ② آپ انہیں کھاتا، نفع اٹھاتا اور (جھوٹی) امیدوں میں مشغول ہوتا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَيُلْهِهِمُ | وَ يُلْ هِ هِمُ | اور انہیں غفلت میں ڈالے رکھے | ل ه و | لَہوِیَات (کھیل تماشہ)، لَہو و لَعب |
| | الْاَمَلُ | لْ اَ مَ لُ | (لمبی) اُمید | ء م ل | |
| | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | چنانچہ عنقریب | | |
| | يَعْلَمُوْنَ ③ | يَ عْ لَ مُوْ نَ | وہ جان لیں گے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| ٤ | وَمَآ اَهْلَكْنَا | وَ مَا .. اَ هْ لَ كْ نَا | اور ہم نے ہلاک نہیں کی | ه ل ك | ہَلَاک ہونا، مُہلِک، ہَلَاکت |
| | مِنْ قَرْيَةٍ | مِنْ قَ رْ يَ تِنْ | کوئی بستی | ق ر ی | قَریَہ قَریَہ بَستی بَستی، اُمُّ القُریٰ (مکہ) |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | وَلَهَا | وَ لَ هَا | اس حال میں کہ اس کے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كِتَابٌ | کِ تا بُ | لکھی ہوئی (معیاد) | ك ت ب | کتاب حکمت، کتاب اللہ، کتابت |

وَ يُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۳ وَ مَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَ لَهَا كِتَابٌ

چھوڑ دیجئے یہ خود بھی جان لیں گے ۳ کسی بستی کو ہم نے ہلاک نہیں کیا مگر یہ کہ اس کے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّعْلُوْمٌ ۴ | م مَ عْ لُو م | مقرر تھی | ع ل م | علم، تعلیم، معلم، معلوم، علامہ |
| ۵ | مَا تَسْبِقُ | ما تَس بِ قُ | آگے نہیں نکل سکتی | س ب ق | سابق، مسبوق، سبقت لسانی سبقت لیجانا |
| | مِنْ اُمَّةٍ | مِن اُ م مَ تِن | کوئی اُمت | أ م م | اُمت مسلمہ، اُمت محمدیہ |
| | اَجَلَهَا | اَ جَ لَ ہا | اپنے مقررہ وقت سے | أ ج ل | اجل، آجال، فرشتہ اجل، لقمہ اجل |
| | وَمَا | وَ ما | اور نہ | | |
| | يَسْتَاْخِرُوْنَ ۵ | يَس تَ x خِ رُو ن | وہ پیچھے رہ سکتے ہیں | ء خ ر | مؤخر، تاخیر، متأخرین و متقدمین |
| ۶ | وَقَالُوْا | وَ قَا لُو | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، قول، اقوال، مقولہ |
| | يٰاَيُّهَا | یا۔۔ اَ ی یُ ہَ | اے | | |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِی | وہ شخص کہ | | |

مَّعْلُوْمٌ ۴ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۵ وَقَالُوْا يٰاَيُّهَا الَّذِيْ

مقررہ نوشتہ تھا ۴ کوئی گروہ اپنی موت سے نہ آگے بڑھتا ہے نہ پیچھے رہتا ہے ۵ انہوں نے کہا کہ اے وہ شخص

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُزِّلَ | نُ ز زِ لَ | نازل کیا گیا ہے | ن ز ل | نازل، نزول، نازلہ، منازل |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس پر | | علی الاعلان، علی العموم |
| | الذِّكْرُ | ذ ذِ کْ رُ | یہ ذکر (قرآن) | ذ ك ر | ذکر، اذکار، ذاکر، مذکور، ذکر الٰہی |
| | اِنَّكَ | اِن نَ کَ | بلاشبہ تو | | |
| | لَمَجْنُوْنٌ ۶ | لَ مَ جْ نُو ن | یقیناً دیوانہ ہے | ج ن ن | مجنون (پاگل)، جنون، جنونی آدمی |
| ۷ | لَوْمَا | لَا وْ مَا | کیوں نہیں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَأْتِيْنَا | تَ x تِيْ نَا | تو لے آتا | ء ت ی | |
| | بِالْمَلٰٓئِكَةِ | بِلْ مَ لَا...ءِ كَ ةِ | ہمارے پاس فرشتے | م ل ك | ملائکہ، ملک الموت (موت کا فرشتہ) |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | كُنْتَ | كُنْ تَ | تو ہے | ك و ن | |

نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝٦ لَوْ مَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ

جس پر قرآن اتارا گیا ہے یقیناً تُو تو کوئی دیوانہ ہے ⑥ اگر تو سچا ہی ہے تو ہمارے پاس فرشتوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٧ | مِنَ صْ صَا دِ قِيْ نَ | سچوں میں سے؟ | ص د ق | صادق، صدیق، مصدّق، صدق |
| ٨ | مَا نُنَزِّلُ | مَا نُ نَزْ زِ لُ | ہم نازل نہیں کرتے | ن ز ل | نازل، نزول، نازلہ، منازل |
| | الْمَلٰٓئِكَةَ | لْ مَ لَا...ءِ كَ ةَ | فرشتے | م ل ك | ملائکہ، ملک الموت (موت کا فرشتہ) |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | الّا ما شاء اللہ، الّا یہ کہ، الّا قلیل |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَقْ قِ | حق (عذاب) کے ساتھ | ح ق ق | حق، حقوق، حق بات، حقیقت |
| | وَمَا كَانُوْٓا | وَ مَا كَا نُوْ.. | اور وہ (کافر) نہ ہوں گے | ك و ن | |
| | اِذًا | اِ ذَنْ | اس وقت | | |
| | مُّنْظَرِيْنَ ۝٨ | مُ مُنْ ظَ رِ يْنَ | مہلت دیئے گئے | ن ظ ر | انظار (مہلت دینا) منظِر (مہلت دینے والا) |

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٧ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝٨

کیوں نہیں لاتا ⑦ ہم فرشتوں کو حق کے ساتھ ہی اتارتے ہیں اور اس وقت وہ مہلت دیئے گئے نہیں ہوتے ⑧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٩ | اِنَّا | اِنْ نَا | بے شک | | |
| | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم ہی نے | | |
| | نَزَّلْنَا | نَزْ زَلْ نَا | نازل کیا ہے | ن ز ل | نازل، نزول، نازلہ، منازل |
| | الذِّكْرَ | ذْ ذِكْ رَ | یہ ذکر (قرآن) | ذ ك ر | ذکر، اذکار، ذاکر، مذکور، ذکرِ الٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بے شک ہم ہی | | رَحم وکرم، شان وشوکت، عقل وشعور |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے | | |
| | لَحٰفِظُوْنَ ۹ | لَ حَا فِ ظُوْ نَ | یقیناً محافظ ہیں | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| ۱۰ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلا شبہ تحقیق | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے (کئی رسول) بھیجے | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالت مُحَمَّدِیَّہ |
| | مِنْ قَبْلِكَ | مِنْ قَبْ لِ كَ | آپ سے پہلے بھی | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | فِيْ شِيَعِ | فِيْ شِ يَ عِ | گروہوں میں | ش ی ع | فِي الحَال، فِي الفَور، فِي الوَقت شِیعَانِ عَلِی، شِیعَہ (گروہ) |

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۹ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ

ہم نے ہی اس قرآن کو نازل فرمایا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں ۹ ہم نے آپ سے پہلے اگلی اُمتوں میں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَوَّلِيْنَ ۱۰ | لْ اَوْ وَ لِيْ نَ | پہلے | ء و ل | اَوَّل، اُولٰی، اَوَائل، اَوَّل وآخر |
| ۱۱ | وَمَا يَاْتِيْهِمْ | وَ مَا يَ x تِيْ هِمْ | اور ان کے پاس نہیں آتا تھا | ء ت ی | |
| | مِّنْ رَّسُوْلٍ | مِرْ رَ سُوْ لِنْ | کوئی رسول | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالت مُحَمَّدِیَّہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | كَانُوْا | كَ ا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | يَسْتَهْزِءُوْنَ ۱۱ | يَسْ تَ هْ زِ ءُوْ نَ | ٹھٹھا (مذاق) کرتے | ه ز ء | اِستِہزَاء کرنا (ہنسی مذاق کرنا) |
| ۱۲ | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | |

الْاَوَّلِيْنَ ۱۰ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۱۱ كَذٰلِكَ

اپنے رسول (برابر) بھیجے ۱۰ اور (لیکن) جو بھی رسول آتا وہ اس کا مذاق اڑاتے ۱۱ گناہ گاروں کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَسْلُكُهٗ | نَسْ لُ كُ ہُوْ | ہم داخل کرتے ہیں اس (ٹھٹھے) کو | س ل ك | سَالِک (چلنے والا)، سُلُوک، مَسلَک |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ قُلُوْبِ | فِيْ قُ لُوْ بِ | دلوں میں | ق ل ب | قلب، قُلوب، اَمراضِ قلب |
| | الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٢﴾ لا | اَلْ مُ جْ رِ مِيْ نَ | مجرموں کے | ج ر م | جُرم، مُجرم، فَردِ جُرم، جَرائم پیشہ |
| ١٣ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا يُ x مِ نُوْ نَ | (چنانچہ) وہ ایمان نہیں لاتے | ء م ن | لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجواب، اَمن واَمَان، مُؤمِن، اِیمان |
| | بِهٖ | بِ هِيْ | اس (قرآن) کے ساتھ | | |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور تحقیق | | |
| | خَلَتْ | خَ لَتْ | گزر چکا ہے | خ ل و | خَلوت، خَالی ہونا، خَلاَء |
| | سُنَّةُ | سُنْ نَ تُ | (یہی) طریقہ | س ن ن | سُنَّت، سُنَنِ اَبُوداوٗد، اِتِّبَاعِ سُنَّت |
| | الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾ | اَلْ اَوْ وَ لِيْ نَ | پہلے لوگوں کا | ء و ل | اَوَّل، اُولیٰ، اَوَائل، اَوّل وآخر |

نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٢﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾

دلوں میں ہم اسی طرح یہ ہی رچا دیا کرتے ہیں ﴿١٢﴾ وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اور یقیناً اگلوں کا طریقہ گزرا ہوا ہے ﴿١٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٤ | وَلَوْ | وَ لَوْ | اور اگر | | |
| | فَتَحْنَا | فَ تَ حْ نَا | ہم کھول دیں | ف ت ح | فتح، فَاتِح، مَفتُوح، اِفتِتَاح |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَيْ هِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | بَابًا | بَا بَنْ | ایک دروازہ | ب و ب | بابِ رَحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| | مِّنَ السَّمَآءِ | مِ مِنَ سْ سَ مَا...ءِ | آسمان میں | س م و | سَماوِی کُتب، اَرض وسَماء |
| | فَظَلُّوْا | فَ ظَ لْ لُوْ | پھر وہ ہو جائیں | ظ ل ل | |
| | فِيْهِ | فِيْ هِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | يَعْرُجُوْنَ ﴿١٤﴾ لا | يَ عْ رُ جُوْ نَ | کہ چڑھتے رہیں | ع ر ج | عُروجِ خَاکی، مِعراجُ النَّبی ﷺ |
| ١٥ | لَقَالُوْٓا | لَ قَا لُوْ.. | تو بھی وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | اِنَّمَا | اِنْ نَ مَا | بس (بے شک) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝١٤ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا** | | | | |
| | اور اگر ہم ان پر آسمان کا دروازہ کھول بھی دیں اور یہ وہاں چڑھنے بھی لگ جائیں ⑭ تب بھی یہی کہیں گے کہ ہماری نظر | | | | |
| | سُكِّرَتْ | سُ ک کِ رَ تْ | بند کردی گئی ہیں | س ك ر | سَکراتُ المَوت (موت کی بے ہوشی) سُکر (نشہ) |
| | اَبْصَارُنَا | اَبْ صَا رُ نَا | ہماری نظریں | ب ص ر | بَصَارت، بَصِیرت، سَمع وبَصر |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | قَوْمٌ | قَا وْ مُ | لوگ ہیں | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | مَّسْحُوْرُوْنَ ۝١٥ | مَسْ حُوْ رُوْ نْ | جادو کیے ہوئے | س ح ر | سِحر بَیَانِی، سِحر اَنگیز، مَسحُور کُن آواز |
| ١٦ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | جَعَلْنَا | جَ عَ لْ نَا | ہم نے بنائے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غِذات |
| | فِي السَّمَآءِ | فِسْ سَ مَا ...ءِ | آسمان میں | س م و | سَماوِی کُتب، اَرض وسَماء |
| | **سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝١٥ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ** | | | | |
| | بندی کر دی گئی ہے بلکہ ہم لوگوں پر جادو کردیا گیا ہے ⑮ یقیناً ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں | | | | |
| | بُرُوْجًا | بُ رُوْ جَا ؤں | کئی برج | ب ر ج | بُرج، بُرج والی مَسجد، چَوبُرجی |
| | وَزَيَّنّٰهَا | وَ زَ یَّ نّ نَا ہَا | اور ہم نے اسے خوبصورت کردیا | ز ی ن | زَینُ العَابِدین، مُزَیَّن، زِینت |
| | لِلنّٰظِرِيْنَ ۝١٦ | لِنْ نَا ظِ رِ یْن | دیکھنے والوں کے لئے | ن ظ ر | نَظر، نَظّارہ، مَنظر، نَاظرین |
| ١٧ | وَحَفِظْنٰهَا | وَ حَ فِ ظْ نَا ہَا | اور ہم نے اس کی حفاظت کی | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ کُلْ لِ | ہر سے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جَہان، کُل عَالَم |
| | شَيْطٰنٍ | شَا ئِ طَا نِ | شیطان | ش ط ن | شَیطَانی خَیال، شَیطَانی وَسوَسے |
| | رَّجِيْمٍ ۝١٧ | رَ رَ جِیْ مْ | مَردُود | ر ج م | رَجم کرنا، حَدِّ رَجم لگانا، رَجیم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بُرُوْجًا وَّ زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿16﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿17﴾

اور دیکھنے والوں کے لئے اسے سجا دیا گیا ہے ﴿16﴾ اور اسے ہر مردود شیطان سے محفوظ رکھا ہے ﴿17﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| 18 | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | مَنِ اسْتَرَقَ | مَنِ سْ تَ رَقَ | جو چوری چھپے لگائے | س ر ق | مَالِ مَسْرُوقَہ، سَارِق، مَسْرُوق |
| | السَّمْعَ | س سَمْ عَ | کان (اور کچھ سن لے) | س م ع | سَامِع، مَسْمُوع، قُوتِ سَمَاعَت |
| | فَاَتْبَعَهٗ | فَ اَتْ بَ عَ هُوْ | تو اس کے پیچھے لگتا ہے | ت ب ع | تَابِعدَار، تَابِعِ فَرمَاں، اِتّبَاعِ سُنَّت |
| | شِهَابٌ | شِ هَا بُ | ایک شعلہ | ش ه ب | شِہَابِ ثَاقِب، شِہَابُ الدِّین (نام) |
| | مُّبِيْنٌ ﴿18﴾ | م مُ بِیْ ن | روشن (دہکتا ہوا) | ب ی ن | بَیَان، مُبَیِّنَہ طور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| 19 | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْضَ | اور زمین | ء ر ض | اَرض و سَمَاء، کُرَہِ اَرض، اَرضِ مُقدس |
| | مَدَدْنٰهَا | مَ دَدْ نَا هَا | ہم نے اسے (لمبا کیا) پھیلایا | م د د | مُدَّتِ مَدِید، مُدَّتِ مُقَرَّرَہ، کُل مُدَّت |

اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿18﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا

ہاں! مگر جو چوری چھپے سننے کی کوشش کرے اس کے پیچھے دھکتا ہوا (کھلا شعلہ) لگتا ہے ﴿18﴾ اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَلْقَيْنَا | وَاَلْ قَيْ نَا | اور ہم نے ڈال (گاڑ) دیئے | ل ق ی | اِلقَاء ہونا، اِلقَاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فِيْهَا | فِیْ هَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | رَوَاسِيَ | رَوَا سِ یَ | مضبوط پہاڑ | | |
| | وَاَنْۢبَتْنَا | وَاَمْ بَتْ نَا | اور ہم نے اُگائی | ن ب ت | نَبَاتَاتُ الاَرض، عِلمِ نَبَاتَات |
| | فِيْهَا | فِیْ هَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ كُل لِ | ہر (قسم کی) | ك ل ل | کُل کَائنَات، کُل جَہَان، کُل عَالَم |
| | شَيْءٍ | شَیْ ءِ | چیز (کی) | ش ی ء | اَشیَائے خُوردنی، اَشیَائے ضَرُوریہ شَیئے، اَشیَائے خُورد و نوش |
| | مَّوْزُوْنٍ ﴿19﴾ | م مَوْ زُوْ نِ | مناسب مقدار | و ز ن | وَزن، اَوزَان، مِیزَان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٠ | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَلْ نَا | اور ہم نے بنائے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |

وَ اَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿١٩﴾ وَ جَعَلْنَا لَكُمْ

اور اس پر (اٹل) پہاڑ ڈال دیئے ہیں، اور اس میں ہم نے ہر چیز ایک معین مقدار سے اُگادی ہے ⑲ اور اسی میں ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | مَعَايِشَ | مَ عَا يِ شَ | گزران کے اسباب | ع ی ش | عَیش وعشرت، مَعیشت |
| | وَمَنْ | وَ مَ نْ | اور ان کے لئے بھی کہ | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکت، عَقل وشُعُور |
| | لَّسْتُمْ | لَسْ تُمْ | تم نہیں ہو | | |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | ان کو | | |
| | بِرٰزِقِيْنَ ⑳ | بِ رَا زِ قِيْ نَ | روزی دینے والے | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| ٢١ | وَاِنْ | وَ اِ نْ | اور نہیں ہے | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکت، عَقل وشُعُور |
| | مِّنْ شَيْءٍ | مِنْ شَيْ ءِ نْ | کوئی چیز | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ، شَئے، اَشیائے خُورد ونوش |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلیل |
| | عِنْدَنَا | عِ نْ دَ نَا | ہمارے پاس | ع ن د | عِنداللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |

فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَ اِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا

تمہاری روزیاں بنا دی ہیں اور جنہیں تم روزی دینے والے نہیں ہو ⑳ اور جتنی بھی چیزیں ہیں ان سب کے خزانے ہمارے پاس ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَزَآئِنُهٗ | خَ زَا ... ءِ نُ هُوْ | اس کے خزانے ہیں | خ ز ن | خَازِن، خَزِینہ، وَزارتِ خَزانہ |
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں | | |
| | نُنَزِّلُهٗ | نُ نَزْ زِ لُ هُوْ.. | ہم اس کو اتارتے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلہ، مَنَازِل |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِقَدَرٍ | بِ قَ دَ رٍ | اندازے سے | ق د ر | قادِر، قُدرت، مُقتدر، قدِیر |
| | مَّعْلُوْمٍ ﴿٢١﴾ | م مَ عْ لُوْ مٍ | ایک معلوم | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| ٢٢ | وَاَرْسَلْنَا | وَ اَ رْ سَلْ نَا | اور ہم نے بھیجیں | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| | الرِّيٰحَ | ر رِ یَا حَ | ہوائیں | ر و ح | رِیاح، رِیح، رِیاحی دَرد |
| | لَوَاقِحَ | لَ وَا قِ حَ | بوجھل | | |

خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٢١﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ

اور ہم ہر چیز کو اس کے مقررہ انداز سے اتارتے ہیں ﴿٢١﴾ اور ہم بھیجتے ہیں بوجھل ہوائیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَنْزَلْنَا | فَ اَنْ زَلْ نَا | پھر ہم نے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِ نَسْ سَ مَا...ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | مَآءً | مَا...ءَنْ | پانی | م و ہ | ماءِ زَمزَم، ماءِ شِیریں، ماءِ بارِد |
| | فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ج | فَ اَسْ قَ اَیْ نَا کُ مُوْ ہُ | پھر ہم نے تمہیں وہ (پانی) پلایا | س ق ی | ساقی، نمازِ اِستِسقاء، ساقیِ کَوثر |
| | وَمَآ | وَ مَا.. | اور نہیں ہو | | رَحم وکَرم، شان وشوکت، عَقل وشُعُور |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس (پانی) کا | | |
| | بِخٰزِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ | بِ خَا زِ نِیْ نَ | ذخیرہ کرنے والے | خ ز ن | خازِن، خَزِینہ، وَزارتِ خَزانہ |
| ٢٣ | وَاِنَّا لَنَحْنُ | وَ اِنْ نَا لَ نَ حْ نُ | اور بلاشبہ یقیناً ہم ہی | | |

فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ

پھر آسمان سے پانی برسا کر وہ تمہیں پلاتے ہیں اور تم اس کا ذخیرہ کرنے والے نہیں ہو ﴿٢٢﴾ ہم ہی زندہ کرتے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُحْيٖ | نُ حْ يِیْ | زندہ کرتے ہیں | ح ی ی | حَیّ وقَیّوم، مُحیُ الدّین، حَیات جاوِداں، اِحیائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |
| | وَنُمِيْتُ | وَ نُ مِیْ تُ | اور مارتے ہیں | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَنَحْنُ | وَ نَ حْ نُ | اور ہم ہی | | رَحم وکَرم، شَان وشوکت، عَقل وشُعُور |
| | الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ | لْ وَا رِ ثُوْ نَ | وارث ہیں | و ر ث | وَارِث، علم وَرَاثَت، مَورُوثی |
| ۲۴ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | عَلِمْنَا | عَ لِمْ نَا | ہم جانتے ہیں | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | الْمُسْتَقْدِمِيْنَ | لْ مُسْ تَقْ دِ مِيْ نَ | ان لوگوں کو جو پہلے گزر چکے ہیں | ق د م | قَدِیم، مُتأخِّرین ومُستقدِمین |
| | مِنْكُمْ | مِنْ كُ مْ | تم میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |

نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ

اور مارتے ہیں اور ہم ہی (بالآخر) وارث ہیں ﴿۲۳﴾ اور تم میں سے آگے بڑھنے والے اور پیچھے ہٹنے والے بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلِمْنَا | عَ لِ مْ نَا | ہم جانتے ہیں | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ | لْ مُسْ تَ x خِ رِيْ نَ | ان لوگوں کو (بھی) جو پیچھے رہنے والے ہیں | ء خ ر | مُؤخَّر، تاخیر، مُتأخِّرین ومُستقدِمین |
| ۲۵ | وَاِنَّ | وَ اِنْ نَ | اور بے شک | | رَحم وکَرم، شَان وشوکت، عَقل وشُعُور |
| | رَبَّكَ | رَبْ بَ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | هُوَ | هُ وَ | وہی | | |
| | يَحْشُرُهُمْ ط | يَ حْ شُ رُ هُمْ | انہیں اکٹھا کرے گا | ح ش ر | حشر کا دن، حاشر، مَحشور، یومِ مَحشر |
| | اِنَّهٗ | اِنْ نَ هُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | حَكِيْمٌ | حَ كِيْ مُنْ | بڑی حکمت والا | ح ك م | حَکیم، حِکمت ودانائی، حُکَماء |
| | عَلِيْمٌ ع ﴿۲۵﴾ | عَ لِيْ مٌ | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |

عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ط اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ع ﴿۲۵﴾

ہمارے علم میں ہیں ﴿۲۴﴾ آپ کا رب سب لوگوں کو جمع کرے گا یقیناً وہ بڑی حکمتوں والا بڑے علم والا ہے ﴿۲۵﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٦ | وَلَقَدْ | وَلَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | رحم وکرم، شان وشوکت، عقل وشعور |
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَ | ہم نے پیدا کیا | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | الْاِنْسَانَ | لْ اِنْ سَا نَ | انسان کو | ء ن س | اِنسانی خلیہ، خوبصورت اِنسان |
| | مِنْ صَلْصَالٍ | مِنْ صَلْ صَالِ | بجنے والی مٹی سے | ص ل ص ل | |
| | مِّنْ | م مِنْ | سے | | منجانب، من حیث القوم |
| | حَمَاٍ | حَ مَ اِ | گارے | ح م ء | |
| | مَّسْنُوْنٍ ﴿٢٦﴾ | م مَسْ نُوْ ن | (یعنی) سڑے ہوئے | س ن ن | |
| ٢٧ | وَالْجَآنَّ | وَلْ جَا... نَّ | اور جنّ | ج ن ن | جنّ وانس، سورۃ الجنّ، جنّات |
| | خَلَقْنٰهُ | خَ لَقْ نَا هُ | ہم نے اسے پیدا کیا (تھا) | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿٢٦﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ

یقیناً ہم نے انسان کو کالی اور سڑی ہوئی کھنکھناتی مٹی سے، پیدا فرمایا ہے ﴿٢٦﴾ اور اس سے پہلے جنات کو ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل از نماز، قبل از طعام |
| | مِنْ نَّارِ | مِن نا رِ | آگ کے شعلے سے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾ | س سَ مُوْ م | سخت حرارت والی | س م م | نارِ سموم، سمِّ قاتل |
| ٢٨ | وَاِذْ | وَاِذْ | اور (یاد کرو) جب | | |
| | قَالَ | قَ ا لَ | کہا | ق و ل | قول وقرار، قول، اقوال، مقولہ |
| | رَبُّكَ | رَب بُ كَ | آپ کے رب نے | ر ب ب | ارباب، مربّی، ربّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | لِلْ مَ لَا... ءِ كَ ةِ | فرشتوں سے: | م ل ك | ملائکہ، ملک الموت (موت کا فرشتہ) |
| | اِنِّيْ | اِن نِيْ | بے شک میں | | |
| | خَالِقٌۢ | خَا لِقُمْ | پیدا کرنے والا ہوں | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَشَرًا | بَ شَ رَ | ایک بشر (آدم) | ب ش ر | خَیرُالبَشَر، نُور و بَشَر، بَشرِیَّت |
| | مِّنْ | م مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾ وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ

لو والی آگ سے پیدا کیا﴿٢٧﴾ اور جب تیرے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں ایک انسان کو کالی اور سڑی ہوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صَلْصَالٍ | صَلْ صَالِ | بجنے والی مٹی | ص ل ص ل | |
| | مِّنْ | م مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | حَمَاٍ | حَ مَ اِ | گارے | ح م ء | |
| | مَّسْنُوْنٍ ﴿٢٨﴾ | م مَس نُون | (یعنی) سڑے ہوئے | س ن ن | |
| ٢٩ | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | چنانچہ جب | | |
| | سَوَّيْتُهٗ | سَا ؤْ وَا ئِ تُ ہُو | میں اسے درست کرلوں | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُسَاوات، مُسَاوِی |
| | وَ نَفَخْتُ | وَ نَ فَ خْ تُ | اور میں پھونک دوں | ن ف خ | نَفخِ صُور، نَفخہٗ وَاحِدہ، نَفخہٗ اُولیٰ |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مِنْ رُّوْحِیْ | مِرْ رُوْ حِیْ | اپنی روح | ر و ح | رُوح، رُوحانی، رُوحانی عِلاج |

صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿٢٨﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِیْ

کھنکھناتی مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں ﴿٢٨﴾ تو جب میں اسے پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم سب اس کیلئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَقَعُوْا | فَ قَ عُوْ | توتم گر پڑنا | و ق ع | وَاقع ہونا، مَوقَع، مَوَاقِع |
| | لَهٗ | لَ ہُو | اس کے لئے | | |
| | سٰجِدِيْنَ ﴿٢٩﴾ | سَا جِ دِیْنَ | سجدہ کرتے ہوئے | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجَد |
| ٣٠ | فَسَجَدَ | فَ سَ جَ دَ | پھر سجدہ کیا | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجَد |
| | الْمَلٰٓئِكَةُ | اَلْ مَ لَا ... ءِ کَ ةُ | فرشتوں نے | م ل ك | مَلَائِکَہ، مَلَکُ المَوت (موت کا فرشتہ) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُلُّهُمْ | کُل لُ ہُمْ | سب کے سب نے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | اَجْمَعُوْنَ ۙ۝۳۰ | اَ جْ مَ عُوْ نَ | اکٹھے | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مجمُوعہ |
| ۳۱ | اِلَّآ | اِل لاَ.. | سوائے | | اِلَّا ماشاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | اِبْلِيْسَ ؕ | اِبْ لِیْس | ابلیس کے | | اِبْلِیس (شیطان کا نام ہے) |
| | اَبٰى | اَ بَا.. | اس نے انکار کیا | أ ب ی | |

فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝۲۹ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۙ۝۳۰ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى

سجدے میں گر پڑنا ۝۲۹ چنانچہ تمام فرشتوں نے سب کے سب نے سجدہ کرلیا ۝۳۰ مگر ابلیس کے، کہ اس نے سجدہ کرنے والوں میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | آ ئیں | (اس سے) کہ | | |
| | يَّكُوْنَ | یَ کُوْنَ | وہ ہو | ك و ن | |
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَع اَہل وعیال، مَعیّت |
| | السّٰجِدِيْنَ ۝۳۱ | س سَا جِ دِ یْنَ | سجدہ کرنے والوں کے | س ج د | سَجدہ، ساجِد، مَسجُود، سَجدہ گاہ، مَسجد |
| ۳۲ | قَالَ | قَ ال | اس (اللہ) نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | يٰٓاِبْلِيْسُ | یَا.. اِبْ لِیْ سُ | اے ابلیس! | | اِبْلِیس (شیطان کا نام ہے) |
| | مَا لَكَ | مَا لَ كَ | کیا ہے تیرے لئے | | |
| | اَلَّا تَكُوْنَ | اَل لاَ تَ کُوْنَ | یہ کہ تو نہ ہوا | ك و ن | |
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ؟ | | مَع اَہل وعیال، مَعیّت |
| | السّٰجِدِيْنَ ۝۳۲ | س سَا جِ دِ یْنَ | سجدہ کرنے والوں کے | س ج د | سَجدہ، ساجِد، مَسجُود، سَجدہ گاہ، مَسجد |

اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۝۳۱ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۝۳۲

شمولیت کرنے سے (صاف) انکار کردیا ۝۳۱ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا اے ابلیس تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا؟ ۝۳۲

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | قَالَ | قَ ال | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمْ اَكُنْ | لَ مْ اَ کُ نْ | میں نہیں ہوں | ك و ن | |
| | لِّاَسْجُدَ | لِ اَ سْ جُ دَ | کہ سجدہ کروں | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجَد |
| | لِبَشَرٍ | لِ بَ شَ رِنْ | (ایسے) بشر کو | ب ش ر | خَیرُ البَشَر، نُور و بَشَر، بَشرِیَّت |
| | خَلَقْتَهٗ | خَ لَقْ تَ ہُوْ | کہ تونے اسے پیدا کیا ہے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | مِنْ | مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | صَلْصَالٍ | صَلْ صَا لِنْ | بجنے والی مٹی | ص ل ص ل | |
| | مِّنْ | م مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | حَمَاٍ | حَ مَ اِنْ | | ح م ء | |
| | مَّسْنُوْنٍ ۝٣٣ | م مَسْ نُوْ نِنْ | (یعنی) سڑے ہوئے گارے | س ن ن | |
| ٣٤ | قَالَ | قَ الَ | اس (اللہ) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، قَول، اَقوَال، مَقولہ |

قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝٣٣ قَالَ

وہ بولا کہ میں ایسا نہیں کہ اس انسان کو سجدہ کروں جسے تونے کالی اور سڑی ہوئی کھنکھناتی مٹی سے پیدا کیا ہے ۝٣٣ فرمایا اب تو بہشت سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاخْرُجْ | فَ خْ رُ جْ | اب تو نکل جا | خ ر ج | خَارِج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اس سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | فَاِنَّكَ | فَ اِن نَ کَ | بے شک تو | | |
| | رَجِيْمٌ ۝٣٤ | رَ جِیْ مٌ | مَردُود ہے | ر ج م | رَجم کرنا، حَدِّرَجم لگانا، رَجِیم |
| ٣٥ | وَّاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ کَ | تجھ پر | | عَلیٰ وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الاِعلَان |
| | اللَّعْنَةَ | ل لَ عْ نَ ةَ | لعنت ہے | ل ع ن | لَعنَت کرنا، لَعِین، مَلعُون، لَعن طَعن |
| | اِلٰى | اِلَا | تک | | رُجُوعِ اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَوْمِ | یَا ؤ مِ | روزِ | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | الدِّيْنِ ﴿٣٥﴾ | د دِ یْ ن | جزا | د ی ن | دینِ اسلام، دینِ متین، دینِ محمدی |
| ٣٦ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، قول، اقوال، مقولہ |

فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿٣٤﴾ وَّ اِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٣٥﴾ قَالَ

نکل جا کیوں کہ تو راندۂ درگاہ ہے ﴿٣٤﴾ اور تجھ پر میری پھٹکار ہے قیامت کے دن تک ﴿٣٥﴾ کہنے لگا کہ اے میرے رب! مجھے اس دن

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | فَاَنْظِرْنِيْٓ | فَ اَنْ ظِ رْ نِيْ.. | پھر تو مجھے مہلت دے | ن ظ ر | اِنظار (مہلت دینا) مُنظِر (مہلت دینے والا) |
| | اِلٰى يَوْمِ | اِلاَ یَا ؤ مِ | اس دن تک | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | يُبْعَثُوْنَ ﴿٣٦﴾ | یُبْ عَ ثُوْ نَ | (کہ جب) وہ (لوگ) دوبارہ اُٹھائے جائیں گے | ب ع ث | بِعثت نبوی، مبعوث، مَبعث |
| ٣٧ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (اللہ) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، قول، اقوال، مقولہ |
| | فَاِنَّكَ | فَ اِ ن نَ كَ | پس بے شک تو | | |
| | مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٣٧﴾ | مِنَ لْ مُنْ ظَ رِ یْنَ | مہلت دیئے گئے لوگوں میں سے ہے | ن ظ ر | اِنظار (مہلت دینا) مُنظِر (مہلت دینے والا) |
| ٣٨ | اِلٰى يَوْمِ | اِلاَ یَا ؤ مِ | اس دن تک | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |

رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٣٦﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِلٰى يَوْمِ

تک کی ڈھیل دے کہ لوگ دوبارہ اٹھا کھڑے کئے جائیں ﴿٣٦﴾ فرمایا کہ اچھا تو ان میں سے ہے جنہیں مہلت ملی ہے ﴿٣٧﴾ روز مقرر کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْوَقْتِ | لْ وَ قْ تِ | کہ (جس کا) وقت ہے | و ق ت | وقت، اوقات، مواقیت |
| | الْمَعْلُوْمِ ﴿٣٨﴾ | لْ مَ عْ لُوْ مِ | مقرر | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| ٣٩ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، قول، اقوال، مقولہ |
| | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | بِمَآ | بِ مَا.. | اس وجہ سے کہ | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَغْوَيْتَنِيْ | اَ غْ وَ اَ ئِ تَ نِيْ | تو نے مجھے گمراہ کیا | غ و ی | اِغوا کارِی، مُغوِی، اِغوا ہونا |
| | لَاُزَيِّنَنَّ | لَ اُ زَ ی یِ نَ نْ نَ | یقیناً میں ضرور بنا سنوار کر دکھاؤں گا | ز ی ن | زَینُ العَابِدِین، مُزَیَّن، زِینَت |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | اُن کے لئے (گناہ) | | |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |

اَلْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

وقت تک کی ﴿٣٨﴾ (شیطان نے) کہا کہ اے میرے رب! چونکہ تو نے مجھے گمراہ کیا ہے مجھے بھی قسم ہے کہ میں بھی زمین میں ان کیلئے معاصی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ | وَلَ اُغْ وِ یَنْ نَ ہُمْ | اور یقیناً میں انہیں ضرور گمراہ کروں گا | غ و ی | اِغوا کارِی، مُغوِی، اِغوا ہونا |
| | اَجْمَعِيْنَ ﴿٣٩﴾ | اَجْ مَ عِیْ نَ | سب کو | ج م ع | جَمْع، جَمِیع، اِجماع، مُجمَع، مجمُوعہ |
| ٤٠ | اِلَّا | اِلْ لَا | سوائے | | اِلَّا مَا شَآءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | عِبَادَكَ | عِ بَا دَ کَ | تیرے (ان) بندوں کے | ع ب د | عَبدُ اللہ، عِباد، عِبَادُ الرَّحمٰن |
| | مِنْهُمُ | مِنْ ہُمُ | ان میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ | لْ مُ خْ لَ صِیْ نَ | جو چُنے ہوئے ہیں | خ ل ص | خَالِص، اِخلاص، مُخلِص، خُلُوص |
| ٤١ | قَالَ | قَ الَ | اس (اللہ) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، قول، اَقوال، مَقُولہ |
| | هٰذَا صِرَاطٌ | ہَا ذَا صِ رَا طُنْ | یہی راستہ ہے | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستَقِیم (رسالہ کا نام) |

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٣٩﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ

کو مزین کروں گا اور ان سب کو بہکاؤں گا بھی ﴿٣٩﴾ سوائے تیرے ان بندوں کے جو منتخب کر لئے گئے ہیں ﴿٤٠﴾ ارشاد ہوا کہ ہاں! یہی مجھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيَّ | عَ لَا ئِ یَ | مجھ تک | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مُسْتَقِيْمٌ ﴿٤١﴾ | مُسْ تَ قِیْ مْ | سیدھا | ق و م | اِستِقامَت فِی الدِّین، مُقِیم، خطِ مُستَقِیم |
| ٤٢ | اِنَّ | اِنْ نَ | بے شک | | |
| | عِبَادِيْ | عِ بَا دِیْ | میرے بندے | ع ب د | عَبدُ اللہ، عِباد، عِبَادُ الرَّحمٰن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَيْسَ | لَائِ سَ | نہیں ہے | | |
| | لَكَ | لَ کَ | تیرے لئے | | |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَائِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | سُلْطٰنٌ | سُلْ طَا نُنْ | کوئی غلبہ | س ل ط | سُلطَان (کوئی دلیل)، سُلطَانِی گوَاہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّاَ مَاشَاءَاللہ، اِلّاَ یہ کہ، اِلّاَ قَلِیل |
| | مَنِ | مَ نِ | جس نے | | |
| | اتَّبَعَكَ | ت تَ بَ عَ کَ | تیری پیروی کی | ت ب ع | تَابِعدَار، تَابِعِ فرماں، اِتّبَاعِ سُنَّت |

عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿٤١﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ

تک پہنچنے کی سیدھی راہ ہے (۴۱) میرے بندوں پر تجھے کوئی غلبہ نہیں، لیکن ہاں! جو گمراہ لوگ تیری

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿٤٢﴾ | مِ نَلْ غَا وِ یْنْ | گمراہوں میں سے | غ و ی | اِغْوَا کَارِی، مُغْوِی، اِغْوَا ہونا |
| ۴۳ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | |
| | جَهَنَّمَ | جَ ہَن نَ مَ | جہنم ہی | ج ھ م | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | لَمَوْعِدُهُمْ | لَ مَا وْ عِ دُ ہُمْ | ان کے وعدے کی جگہ ہے | و ع د | وَعدہ، وَعدہ ووَعِید، وَعدہ خلَافِی |
| | اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٣﴾ قف لا | اَجْ مَ-عِیْ ن | سب کی | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجمَاع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| ۴۴ | لَهَا | لَ ہَا | اس (جہنم) کے | | |
| | سَبْعَةُ | سَبْ عَ ۃُ | سات | س ب ع | سَبعَ سَمٰوَات، قِرَأت سَبعَہ |
| | اَبْوَابٍ ط | اَبْ وَا ب | دروازے ہیں | ب و ب | بَابِ رَحمت، بَابِ عُمرہ، بَابِ اَرقَم |

مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٣﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ط

پیروی کریں (۴۲) یقیناً ان سب کے وعدے کی جگہ جہنم ہے (۴۳) جس کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِكُلِّ | لِ کُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عَالَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَابٍ | بَا بِ | دروازے کے لئے | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ هُمْ | ان (گمراہوں) میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | جُزْءٌ | جُ زْ ءُ | ایک حصہ ہے | ج ز ء | جُزءُ الجسم، جُزءُ القرآن، اجزاء |
| | مَّقْسُومٌ ﴿٤٤﴾ | م مَقْ سُو م | الگ کیا ہوا | ق س م | قِسمت، قاسِم، تقسیم کار |
| ٤٥ | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | الْمُتَّقِيْنَ | لْ مُت تَ قِيْ ن | متقی لوگ | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | فِيْ جَنّٰتٍ | فِيْ جَن نَا تِنْ اُوْ ں | باغات میں | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | وَّ عُيُوْنٍ ﴿٤٥﴾ | وَ عُ يُوْ ن | اور چشموں (میں ہوں گے) | ع ی ن | عُیُون، اعیُن، عَین (آنکھ)<br>قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |

لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿٤٤﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿٤٥﴾

کے لئے ان کا ایک حصہ بٹا ہوا ہے ﴿٤٤﴾ پرہیزگار جنتی لوگ باغوں اور چشموں میں ہوں گے ﴿٤٥﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٤٦ | اُدْخُلُوْهَا | اُدْ خُ لُوْ هَا | (ان سے کہا جائے گا:)<br>تم ان میں داخل ہو جاؤ | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | بِسَلٰمٍ | بِ سَ لَا مِنْ | سلامتی کے ساتھ | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تَسلیم |
| | اٰمِنِيْنَ ﴿٤٦﴾ | آ مِ نِيْ ن | امن سے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، اِیمان |
| ٤٧ | وَنَزَعْنَا | وَ نَ زَ عْ نَا | اور ہم نکال دیں گے | ن ز ع | نِزَاع، وقتِ نَزع، حالتِ نَزع |
| | مَا | مَا | جو بھی | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | فِيْ صُدُوْرِهِمْ | فِيْ صُ دُوْ رِ هِمْ | ان کے سینوں میں ہوگا | ص د ر | صَدر، صُدُور (سینے)،<br>شَرحِ صَدر، شَقِّ صَدر کا واقعہ |
| | مِّنْ غِلٍّ | مِنْ غِلْ لِنْ | کوئی (باہمی) کینہ | غ ل ل | |
| | اِخْوَانًا | اِخْ وَا نَنْ | (وہ) بھائی بھائی (ہوں گے) | أ خ و | اُخوّت پروگرام، مُوَاخات<br>اُخوّت، اَخوانُ المُسلمین |

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا

(ان سے کہا جائیگا) سلامتی اور امن کیساتھ اس میں داخل ہو جاؤ ﴿٤٦﴾ انکے دلوں میں جو کچھ رنجش و کینہ تھا، ہم سب کچھ نکال دینگے، وہ بھائی بھائی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى سُرُرٍ | عَ لَا سُ رُ رِ | تختوں پر | س ر ر | عَلٰى وَجہِ البَصِيرَت، عَلَى الْاِعلَان |
| | مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝٤٧ | م مُتَ قَا بِ لِيْ ن | آمنے سامنے (بیٹھے ہوئے) | ق ب ل | تَقَابُل کرنا، مُقَابَلَہ، مُتَقَابِل |
| ۴۸ | لَا يَمَسُّهُمْ | لَا يَ مَس سُ هُمْ | انہیں چھوئے گی | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَسَاس کرنا |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | ان (باغات) میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | نَصَبٌ | نَ صَ بُن | کوئی تھکاوٹ | ن ص ب | نَصب (تھک کر بت کی طرح کھڑے ہوجانا) |
| | وَّمَا هُمْ | وَ مَا هُمْ | اور نہ وہ | | |
| | مِّنْهَا | مِنْ هَا | ان سے | | مِنجَانِب، مِن حَيثُ القَوم |
| | بِمُخْرَجِيْنَ ۝٤٨ | بِ مُ خْ رَ جِيْ ن | نکالے جائیں گے | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ<br>مَخرَج، خُروج |

عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝٤٧ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّ مَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ۝٤٨

بنے ہوئے ایک دوسرے کے آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہونگے ۝٤٧ نہ تو وہاں انہیں کوئی تکلیف (تھکاوٹ) چھو سکتی ہے اور نہ وہ وہاں سے کبھی نکالے جائینگے ۝٤٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | نَبِّئْ | نَ بْ بِ x | (اے پیغمبر!) خبر دیجئے | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، خَتمِ نبوت، اَنبَاء (سعودی چینل) |
| | عِبَادِيْٓ | عِ بَا دِيْ .. | میرے بندوں کو | ع ب د | عَبدُاللہ، عِبَاد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | اَنِّيْٓ اَنَا | اَن نِيْ .. اَ نَ | کہ یقیناً میں | | |
| | الْغَفُوْرُ | لْ غَ فُوْ رُ | بہت زیادہ بخشنے والا | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُالغَفُور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | الرَّحِيْمُ ۝٤٩ لا | رَ رَ حِيْ م | نہایت رحم کرنے والا ہوں | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحِيم، رَحم وکَرَم |
| ۵۰ | وَاَنَّ | وَ اَن نَ | اور یہ کہ بلاشبہ | | |
| | عَذَابِيْ | عَ ذَا بِيْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم<br>عَذابِ آخرت |
| | هُوَ | هُ وَ | وہی | | |
| | الْعَذَابُ | لْ عَ ذَا بُ | عذاب ہے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم<br>عَذابِ آخرت |
| | الْاَلِيْمُ ۝٥٠ | لْ اَ لِيْ م | بڑا دردناک | أ ل م | اَلمناک حادِثہ، رَنج واَلَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۙ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ | | | | |
| | میرے بندوں کو خبر دے دو کہ میں بہت ہی بخشنے والا اور بڑا ہی مہربان ہوں ﴿۴۹﴾ اور ساتھ ہی میرے عذاب بھی نہایت دردناک ہیں ﴿۵۰﴾ | | | | |
| ۵۱ | وَنَبِّئْهُمْ | وَنَب بِ x ہُمْ | اور انہیں خبر دیجیے | ن ب ء | نبی، اَنْبِیاء، خَتمِ نبوت، اَنْبَاء (سعودی چینل) |
| | عَنْ ضَيْفِ | عَنْ ضَائِ یْ فِ | مہمانوں کے متعلق | ض ی ف | ضَیف (مہمان)، ضِیافت، دارُالضِیافت |
| | اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ | اِبْ رَا ہِیْ م | ابراہیم کے | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۵۲ | اِذْ | اِذْ | جس وقت | | |
| | دَخَلُوْا | دَ خَ لُوْ | وہ داخل ہوئے | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلَان |
| | فَقَالُوْا | فَ قَا لُوْ | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، قَول، اَقوَال، مَقولہ |
| | سَلٰمًا ۭ | سَ لَا مَا | سلام (کرتے ہیں ہم) | س ل م | اِسلَام، مُسلِم، مُسلمَان، سَلَامتی، تَسلِیم |
| | قَالَ | قَ الَ | اس (ابراہیم) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، قَول، اَقوَال، مَقولہ |
| | اِنَّا | اِن نَا | تحقیق ہم تو | | |
| | وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ اِنَّا | | | | |
| | انہیں ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں کا (بھی) حال سنا دو ﴿۵۱﴾ کہ جب انہوں نے ان کے پاس آ کر سلام کہا تو انہوں نے کہا کہ | | | | |
| | مِنْكُمْ | مِنْ کُ مْ | تم سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ | وَ جِ لُوْن | ڈرتے ہیں | و ج ل | |
| ۵۳ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، قَول، اَقوَال، مَقولہ |
| | لَا تَوْجَلْ | لَا تَا وْ جَ لْ | تم نہ ڈرو | و ج ل | لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعِلم، لَاجواب |
| | اِنَّا | اِن نَا | یقیناً ہم | | |
| | نُبَشِّرُكَ | نُ بَش شِ رُ كَ | تمہیں خوشخبری دیتے ہیں | ب ش ر | بَشَارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِغُلٰمٍ | بِ غُ لَا مِنْ | ایک لڑکے کی | غ ل م | غُلَام، غِلمَان، غُلَام علی (نام) |
| | عَلِيْمٍ ۝٥٣ | عَ لِ يْ م | بڑے علم والے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| ٥٤ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (ابراہیم) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوال، مَقُولہ |
| | اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ | اَبَش شَ رْ تُ مُوْ نِيْ | کیا تم مجھے خوشخبری دیتے ہو | ب ش ر | بَشَارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |

مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ۝٥٢ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝٥٣ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ

ہم کو تو تم سے ڈر لگتا ہے ۝٥٢ انہوں نے کہا ڈرو نہیں، ہم تجھے ایک صاحب علم فرزند کی بشارت دیتے ہیں ۝٥٣ کہا، کیا اس بڑھاپے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓى اَنْ | عَ لَا.. اَ م | اس کے باوجود کہ | | |
| | مَّسَّنِيَ | مَس سَ نِ يَ | مجھے پہنچ چکا ہے | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَسَاس کرنا |
| | الْكِبَرُ | لْ كِ بَ رُ | بڑھاپا | ك ب ر | کِبَر، اَکبَر، کُبریٰ، کَبِیر، کَبِیرہ |
| | فَبِمَ | فَ بِ مَ | اب کس چیز کی | | |
| | تُبَشِّرُوْنَ ۝٥٤ | تُ بَش شِ رُوْ ن | تم (مجھے) خوشخبری دیتے ہو؟ | ب ش ر | بَشَارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| ٥٥ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوال، مَقُولہ |
| | بَشَّرْنٰكَ | بَش شَ رْ نَا كَ | ہم تجھے بشارت دیتے ہیں | ب ش ر | بَشَارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق (امر واقعی) کی | ح ق ق | حق، حُقُوق، حق بات، حَقِیقت |
| | فَلَا تَكُنْ | فَ لَا تَ كُ | لہٰذا تو نہ ہو | ك و ن | |

عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ۝٥٤ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ

کے آجانے کے بعد تم مجھے خوشخبری دیتے ہو! یہ خوشخبری تم کیسے دے رہے ہو؟ ۝٥٤ انہوں نے کہا ہم آپ کو بالکل سچی خوشخبری سناتے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ۝٥٥ | م مِنَ لْ قَا نِ طِيْ ن | ناامیدوں میں سے | ق ن ط | |
| ٥٦ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوال، مَقُولہ |
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِيْں | اور کون | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکت، عَقل وشُعُور |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّقْنَطُ | یَ قْ نَ طُ | ناامید ہوتا ہے | ق ن ط | |
| | مِنْ رَّحْمَةِ | مِر رَحْ مَ ةِ | رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم وکَرَم |
| | رَبِّهٖٓ | رَب بِ ہِیْ.. | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اِلَّا | اِل لَ | سوائے | | اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | الضَّآلُّوْنَ ﴿٥٦﴾ | ض ضَا... ل لُوْن | گمراہوں کے؟ | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |
| ٥٧ | قَالَ | قَ الَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |

مِنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿٥٥﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿٥٦﴾ قَالَ

آپ مایوس لوگوں میں شامل نہ ہوں ﴿٥٥﴾ کہا اپنے رب تعالیٰ کی رحمت سے ناامید تو صرف گمراہ اور بھٹکے ہوئے لوگ ہی ہوتے ہیں ﴿٥٦﴾ پوچھا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمَا | فَ مَا | پھر کیا | | |
| | خَطْبُكُمْ | خَطْ بُ كُ مْ | مقصد ہے تمہارا؟ | خ ط ب | خُطبہ، خَطِیب، خِطَاب |
| | اَيُّهَا | اَ یْ یُ ہَ | اے | | |
| | الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٧﴾ | لْ مُ رْ سَ لُوْن | بھیجے گئے (فرشتو!) | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالت مُحَمَّدِیَّہ |
| ٥٨ | قَالُوْٓا | قَ الُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | اِنَّآ | اِن نَا.. | بے شک ہم | | |
| | اُرْسِلْنَآ | اُرْ سِلْ نَا.. | بھیجے گئے ہیں | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالت مُحَمَّدِیَّہ |
| | اِلٰى قَوْمٍ | اِلَا قَ وْ مِ | قوم کی طرف | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | مُّجْرِمِيْنَ ﴿٥٨﴾ | مُ جْ رِ مِیْ نَ | جو مجرم ہیں | ج ر م | جُرم، مُجرِم، فَردِ جُرم، جَرائم پیشہ |

فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٥٨﴾

اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے (فرشتو!) تمہارا ایسا کیا اہم کام ہے؟ ﴿٥٧﴾ انہوں نے جواب دیا کہ ہم مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں ﴿٥٨﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٩ | اِلَّآ | اِل لَا.. | سوائے | | اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰلَ لُوْطٍ ؕ | آ لَ لُوْ ط | لوط کے کنبے کے | | آل و اولاد، آلِ رَسُول<br>حضرت لُوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | لَمُنَجُّوْهُمْ | لَ مُ نَ ج جُوْ ہُمْ | انہیں ضرور نجات دینے والے ہیں | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجیہ، نَجات دَہندہ |
| | اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿۵۹﴾ | اَ جْ مَ عِیْ نَ | سب کو | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| ٦٠ | اِلَّا | اِل لَ | سوائے | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | امْرَاَتَهٗ | مْ رَ اَ تَ ہُوْ | اس کی بیوی کے | | |
| | قَدَّرْنَآ ۙ | قَدْ دَ رْ نَا.. | ہم نے مقدر کر دیا ہے | ق د ر | تَقدِیر، مُقدّر، قادِر، مِقدار |
| | اِنَّهَا | اِن نَ ہَا | کہ بے شک وہ | | |
| | لَمِنَ | لَ مِ نَ | ضرور | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

اِلَّاۤ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَاۤ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ

مگر خاندان لوط (علیہ السلام) کہ ہم ان سب کو تو ضرور بچا لیں گے ﴿۵۹﴾ سوائے اس (لوط علیہ السلام) کی بیوی کے کہ ہم نے اسے رکنے اور باقی رہ جانے والوں میں مقرر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ | لْ غَا بِ رِیْ نَ | پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی | غ ب ر | گرد و غُبار<br>(جلنے کے بعد جو پیچھے رہ جاتا ہے) |
| ٦١ | فَلَمَّا | فَ لَم مَا | پھر جب | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آئے | ج ی ء | |
| | اٰلَ لُوْطِ | آ لَ لُوْ طِ | آلِ لوط کے پاس | | |
| | الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ | نِلْ مُرْ سَ لُوْ نَ | وہ قاصد | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحمّدیہ |
| ٦٢ | قَالَ | قَا لَ | تو اس (لوط) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | اِنَّكُمْ | اِن نَ کُ مْ | بے شک تم | | |
| | قَوْمٌ | قَا وْ مُ | لوگ | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ | مُنْ کَ رُوْ نَ | تو اجنبی ہو | ن ک ر | مُنکَر، مُنکَرات، اِنکار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

**الْغٰبِرِيْنَ ۝٦٠ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ ۝٦١ۙ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝٦٢**

کردیا ہے ۝٦٠ جب بھیجے ہوئے فرشتے آلِ لوط (علیہ السلام) کے پاس پہنچے ۝٦١ تو انہوں (لوط علیہ السلام) نے کہا تم لوگ تو کچھ انجان سے معلوم ہو رہے ہو ۝٦٢

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٣ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، قَول، اَقوَال، مَقُولہ |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | جِئْنٰكَ بِمَا | جِ x نَا کَ بِ مَا | ہم لائے ہیں تیرے پاس وہ چیز (عذاب) کہ | ج ی ء | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | فِيْهِ | فِيْ ہِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | يَمْتَرُوْنَ ۝٦٣ | یَ مْ تَ رُوْ نَ | شک کرتے | م ت ر | |
| ٦٤ | وَاَتَيْنٰكَ | وَ اَ تَ ا یْ نَا کَ | اور ہم لائے ہیں | ء ت ی | |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَقْ قِ | تیرے پاس حق | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | وَاِنَّا | وَاِن نَا | اور بلاشبہ ہم | | |
| | لَصٰدِقُوْنَ ۝٦٤ | لَ صَا دِ قُوْ نَ | یقیناً سچے ہیں | ص د ق | صَادِق، صَادِق واَمِین، صَدَاقَت |

**قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝٦٣ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝٦٤**

انہوں نے کہا نہیں بلکہ ہم تیرے پاس وہ چیز لائے ہیں جس میں یہ لوگ شک شبہ کر رہے تھے ۝٦٣ ہم تو تیرے پاس حق لائے ہیں اور ہیں بھی بالکل سچے ۝٦٤

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٥ | فَاَسْرِ | فَ اَ سْ رِ | لہٰذا لے چل | س ر ی | سَیر وتَفرِیح، صُبح کی سَیر، سَیّارَہ |
| | بِاَهْلِكَ | بِ اَ ہْ لِ کَ | اپنے گھروالوں کو | ء ھ ل | اَہلِ مَحلّہ، اَہلِ خانہ، اَہل وعِیَال |
| | بِقِطْعٍ | بِ قِ طْ عِ | ایک حصے میں | ق ط ع | قِطعَہ اَرَاضِی، قَطعِ تَعَلُّقِی، قَطعِ رَحمی |
| | مِّنَ الَّيْلِ | مِ مِنَ لْ لَا یْ لِ | رات کے | ل ی ل | لَیل ونَہار، لَیلَۃُ القَدر، قِیَامُ اللَّیل |
| | وَاتَّبِعْ | وَتْ تَ بِ عْ | اور تو چل | ت ب ع | تَابِعدَار، تَابِع فَرمَاں، اِتّبَاعِ سُنَّت |
| | اَدْبَارَهُمْ | اَ دْ بَا رَ ہُمْ | ان (سب) کے پیچھے | د ب ر | دُبرِ صَلٰوۃ، مُدبِر، اَدبَار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا يَلْتَفِتْ | وَلَا يَلْ تَ فِتْ | اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے | ل ف ت | نظرِ التفات کرنا |
| | مِنْكُمْ | مِنْ كُ مْ | تم میں سے | | مِنجانب، مِن حَيثُ القوم |

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ

اب تو اپنے خاندان سمیت اس رات کے کسی حصہ میں چل دے اور آپ ان کے پیچھے رہنا، اور (خبردار) تم میں سے کوئی (پیچھے) مڑ کر بھی نہ دیکھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَحَدٌ | اَ حَ دُوْں | کوئی بھی | ء ح د | اَحَد، وَاحِد، مُوَحِّد، توحید |
| | وَّامْضُوْا | وَمْ ضُوْ | اور تم چلے جاؤ | م ض ی | مَاضیِ قریب، مَاضی بعید، فعلِ مَاضی |
| | حَيْثُ | حَائِ ثُ | جہاں کا | ح ی ث | مِن حَيثُ القوم، بحَیثیّت |
| | تُؤْمَرُوْنَ ۝٦٥ | تُ x مَ رُوْن | تمہیں حکم دیا جاتا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ٦٦ | وَقَضَيْنَآ | وَ قَ ضَائِ نَا.. | اور ہم نے فیصلہ سنا دیا | ق ض ی | قضاو قدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| | اِلَيْهِ | اِلَائِ هِ | اُسے | | رُجوع اِلیٰ اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | ذٰلِكَ الْاَمْرَ | ذَالِ كَ لْ اَمْ رَ | اس معاملے کا | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بے شک | | |
| | دَابِرَ هٰۤؤُلَآءِ | دَابِ رَ ہَا.. ءُ لَا... ءِ | ان لوگوں کی جڑ | د ب ر | دُبرِ صَلوٰۃ، مُدبِر، اَدبار |

اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝٦٥ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰۤؤُلَآءِ

اور جہاں کا تمہیں حکم کیا جا رہا ہے وہاں چلے جانا ۝٦٥ اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ کر دیا کہ صبح ہوتے ہوئے ان لوگوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَقْطُوْعٌ | مَ قْ طُوْ عُ | کاٹ دی جائے گی | ق ط ع | قاطعِ بِدعت، مَقطوع، قَطعِ یَد |
| | مُّصْبِحِيْنَ ۝٦٦ | م مُ صْ بِ حِیْ ن | جبکہ وہ صبح کرنیوالے ہوں گے | ص ب ح | صُبح، صُبح خَواہی، صُبح کی سَیر |
| ٦٧ | وَجَآءَ | وَجَا... ءَ | اور آئے | ج ی ء | |
| | اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ | اَ هْ لُلْ مَ دِیْ نَ ةِ | اس شہر (سدوم) والے | ء ہ ل<br>م د ن | اَہلِ محلّہ، اَہلِ خانہ، اَہل وعَیال<br>مُدُن، مَدِینَۃ طَیِّبَہ، اَہلِ مَدِینہ |
| | يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝٦٧ | يَسْ تَبْ شِ رُوْن | بہت خوشیاں مناتے ہوئے | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٨ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (لوط) نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |

مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالَ اِنَّ

جڑیں کاٹ دی جائیں گی ﴿٦٦﴾ اور شہر والے خوشیاں مناتے ہوئے آئے ﴿٦٧﴾ (حضرت لوط علیہ السلام نے) کہا یہ لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰٓؤُلَآءِ | ہا..ءُ لا...ءِ | یہ لوگ | | |
| | ضَيْفِيْ | ضَا ئِ فِيْ | میرے مہمان ہیں | ض ی ف | ضَیف (مہمان)، ضِیافت، دارُالضِیافت |
| | فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿٦٨﴾ | فَ لَا تَف ضَ حُو نِ | لہٰذا مجھے رسوا نہ کرو | ف ض ح | |
| ٦٩ | وَاتَّقُوا | وَت تَ قُ | اور تم ڈرو | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | اللّٰهَ | ل لا هَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿٦٩﴾ | وَلَا تُ خ زُو ن | اور تم مجھے ذلیل نہ کرو | خ ز ی | خزایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| ٧٠ | قَالُوْٓا | قَا لُو.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | اَوَلَمْ نَنْهَكَ | اَ وَ لَم نَن ہَ كَ | اور کہا ہم نے تجھے روکا نہیں تھا | ن ہ ی | نَہیِ عَنِ المُنکر، مَنہیات (رُکنا) |

هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿٦٨﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿٦٩﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ

میرے مہمان ہیں تم مجھے رسوا نہ کرو ﴿٦٨﴾ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھے رسوا نہ کرو ﴿٦٩﴾ وہ بولے کیا ہم نے تجھے دنیا بھر (کی ٹھیکیداری) سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٠﴾ | عَنِ لْ عَا لَ مِي ن | جہان والوں (کی حمایت) سے؟ | ع ل م | عالَمِ رنگ وبو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ٧١ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| | هٰٓؤُلَآءِ | ہا..ءُ لا...ءِ | یہ | | |
| | بَنٰتِيْٓ | بَ نا تِيْ.. | میری (قوم کی) بیٹیاں ہیں (ان سے نکاح کرلو) | ب ن و | بِنتِ حوّا، بَناتِ جامِعہ |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | كُنْتُمْ | كُن تُم | تم ہو | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فٰعِلِيْنَ ۝٧١ | فَا عِ لِيْ ن | کرنے والے | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| ٧٢ | لَعَمْرُكَ | لَ عَ مْ رُ كَ | آپ کی زندگی کی قسم! | ع م ر | عُمر، عُمریں، زائدُ العمر، عُمر بھر |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ هُمْ | بے شک وہ | | |
| | لَفِيْ | لَ فِيْ | یقیناً اپنی | | فِي الحَال، فِي الفَور، فِي الوَقت |

عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝٧٠ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝٧١ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ

منع نہیں کر رکھا؟ ۝٧٠ (لوط علیہ السلام نے) کہا اگر تمہیں کرنا ہی ہے تو یہ میری بچیاں موجود ہیں ۝٧١ تیری عمر کی قسم! وہ تو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَكْرَتِهِمْ | سَ كْ رَ تِ هِمْ | مستی (گمراہی) میں | س ك ر | سَکراتُ المَوت (موت کی بے ہوشی) سُکر (نشہ) |
| | يَعْمَهُوْنَ ۝٧٢ | يَ عْ مَ هُوْ ن | بھٹکتے پھر رہے تھے | ع م ه | |
| ٧٣ | فَاَخَذَتْهُمُ | فَ اَ خَ ذَ تْ هُمُ | پس انہیں آ پکڑا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | الصَّيْحَةُ | صَايْ حَ ةُ | ایک چیخ نے | ص ی ح | |
| | مُشْرِقِيْنَ ۝٧٣ | مُشْ رِ قِيْ ن | جبکہ وہ سورج نکلنے کے وقت میں داخل ہونیوالے تھے | ش ر ق | مَشرِق و مَغرِب، مَشرِقی عُلُوم، اَلاِشرَاق (رسالہ)، مَشرِقی دُنیا |
| ٧٤ | فَجَعَلْنَا | فَ جَ عَلْ نَا | پھر ہم نے (اُلٹ کر) کر دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغِذات |
| | عَالِيَهَا | عَا لِ يَ هَا | اس (بستی) کے اوپر والے حصے کو | ع ل و | عَالی، عُلُو، عَالِیہ، اَعلیٰ، عَالیشان |

سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝٧٢ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۝٧٣ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا

اپنی بدمستی میں سرگرداں تھے ۝٧٢ پس سورج نکلتے نکلتے انہیں ایک بڑے زور کی آواز نے پکڑ لیا ۝٧٣ بالآخر ہم نے اس شہر کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَافِلَهَا | سَا فِ لَ هَا | اس کے نیچے والا (حصہ) | س ف ل | سُفلی علم، سُفلی عَمَل، اَسفَل، سُفلیٰ |
| | وَاَمْطَرْنَا | وَ اَمْ طَ رْ نَا | اور ہم نے برسائے | م ط ر | |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ هِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | حِجَارَةً | حِ جَا رَ تَ | پتھر | ح ج ر | شَجَر و حَجَر، حَجرِ اَسوَد |
| | مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝٧٤ | م مِنْ سِ جِ جِيْ ل | کھنگر کی قسم سے | س ج ل | مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٥ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَالِ كَ | اس میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ يَا تِ | یقیناً بڑی نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |

سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۭ ﴿٧٤﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اوپر تلے کردیا اور ان لوگوں پر کنکر والے پتھر برسائے ﴿٧٤﴾ بلاشبہ بصیرت والوں کے لئے اس میں بہت سی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿٧٥﴾ | لِ لِلْ مُ تَ وَسْ سِ مِيْ نَ | گہری نظر سے دیکھنے والوں کے لئے | و س م | |
| ٧٦ | وَاِنَّهَا | وَ اِن نَ هَا | اور بے شک وہ (بستیاں) | | |
| | لَبِسَبِيْلٍ | لَ بِ سَ بِيْ لِ | یقیناً ایسے راستے پر ہیں | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ الله |
| | مُّقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ | م مُ قِيْ م | جو (اب تک) موجود ہے | ق و م | قِیَام، قَومہ، مُقِیم، قَائِم مَقَام |
| ٧٧ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَالِ كَ | اس (واقعے) میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | لَاٰيَةً | لَ آ يَ تَ | یقیناً بڑی نشانی ہے | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۭ ﴿٧٧﴾ | لِ لِلْ مُ x مِ نِيْ نَ | مؤمنوں کے لئے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، اِیمان |

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۭ ﴿٧٧﴾

نشانیاں ہیں ﴿٧٥﴾ یہ بستی ایسی راہ پر ہے جو برابر چلتی رہتی (عام گذرگاہ) ہے ﴿٧٦﴾ اور اس میں ایمان والوں کیلئے بڑی نشانی ہے ﴿٧٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٨ | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور بے شک | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکت، عَقل وشُعُور، اِن شَاءَ الله |
| | كَانَ | كَ ا نَ | تھے | ك و ن | |
| | اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ | اَصْ حَا بُ لْ اَيْ كَ ةِ | اَیکہ (بستی) والے | ص ح ب | صَحَابی، صَحَابہ، اَصحابِ بدر، صَاحِب |
| | لَظٰلِمِيْنَ ﴿٧٨﴾ | لَ ظَا لِ مِيْ نَ | یقیناً ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| ٧٩ | فَانْتَقَمْنَا | فَنْ تَ قَ مْ نَا | تو ہم نے انتقام لیا | ن ق م | اِنتِقَام، اِنتقامی رَوَیّہ، اِنتقامی مُقدّمہ، اِنتقامی کاروائی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهُمْ | مِنْ هُمْ | ان سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | وَإِنَّهُمَا | وَ اِن نَ ہُ مَا | اور بے شک وہ دونوں (تباہ شدہ بستیاں) | | |
| | لَبِإِمَامٍ | لَ بِ اِ مَا مِ | یقیناً راستے پر (واقع) ہیں | ا م م | اِمامِ مَسجِد، اَئمہ اَربعہ، اِمامِ کعبہ |

وَإِن كَانَ أَصْحَٰبُ ٱلْأَيْكَةِ لَظَٰلِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ

ایک بستی کے رہنے والے بھی بڑے ظالم تھے ﴿٧٨﴾ جن سے (آخر) ہم نے انتقام لے ہی لیا، یہ دونوں شہر کھلے (عام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّبِينٍ ﴿٧٩﴾ | مُ مُ بِيْ نِ | ایک ظاہر | ب ی ن | بیان، مُبَیِّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ٨٠ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | كَذَّبَ | كَذْ ذَ بَ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | أَصْحَٰبُ ٱلْحِجْرِ | اَصْ حَا بُ لْ حِ جْ رِ | حجر والوں نے | ص ح ب | ایک قوم کا نام، اَصحابِ الفیل، اَصحابِ علم و فن |
| | ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿٨٠﴾ | لْ مُرْ سَ لِيْ نَ | رسولوں کو | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| ٨١ | وَءَاتَيْنَٰهُمْ | وَ آ تَا يْ نَا هُمْ | اور ہم نے انہیں دیں | ء ت ی | |
| | ءَايَٰتِنَا | آ يَا تِ نَا | اپنی نشانیاں | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |

مُّبِينٍ ﴿٧٩﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَٰبُ ٱلْحِجْرِ ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿٨٠﴾ وَءَاتَيْنَٰهُمْ ءَايَٰتِنَا

راستے پر ہیں ﴿٧٩﴾ اور حجر والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا ﴿٨٠﴾ اور ہم نے ان کو اپنی نشانیاں بھی عطا فرمائیں (لیکن) تاہم وہ ان سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَكَانُوا | فَ كَا نُوْ | تو وہ تھے | ك و ن | |
| | عَنْهَا | عَنْ هَا | ان سے | | |
| | مُعْرِضِينَ ﴿٨١﴾ | مُ عْ رِ ضِيْ نَ | منہ پھیرنے والے | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |
| ٨٢ | وَكَانُوا | وَ كَا نُوْ | اور تھے | ك و ن | |
| | يَنْحِتُونَ | يَنْ حِ تُوْ نَ | وہ کماتے | ن ح ت | |
| | مِنَ ٱلْجِبَالِ | مِنَ لْ جِ بَا لِ | پہاڑوں سے | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رحمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بُيُوْتًا | بُ يُوْ تَنْ | گھر | ب ی ت | بَیتُ اللہ، بَیتُ العِزّت<br>بَیتُ المُقدّس، بَیتُ المَعمُور |
| | اٰمِنِيْنَ ﴿٨٢﴾ | آ مِ نِیْ نَ | بے خوف ہو کر | ا م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |

فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿٨٢﴾

روگردانی ہی کرتے رہے ﴿٨١﴾ یہ لوگ پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے تھے بے خوف ہو کر ﴿٨٢﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٣ | فَاَخَذَتْهُمُ | فَ اَ خَ ذَ تْ هُمُ | پھر انہیں آ پکڑا | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخُوذ،<br>مُؤاخَذہ کرنا۔ |
| | الصَّيْحَةُ | ص صَا ئِیْ حَ ةُ | چیخ نے | ص ی ح | |
| | مُصْبِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ | مُ صْ بِ حِیْ نَ | جبکہ وہ صبح کرنے والے تھے | ص ب ح | صُبح، صُبح خواہی، صُبح کی سَیر |
| ٨٤ | فَمَآ اَغْنٰى | فَ مَا.. اَ غْ نَا | پھر فائدہ نہ دیا | غ ن ی | عَبدُالغَنی، مُستغنی، اَغنیاء<br>غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | انہیں | | |
| | مَّا | مَا | اس (مال) نے جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجرہ |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | تھے | ك و ن | |
| | يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾ | یَ کْ سِ بُوْنَ | وہ کماتے | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فَیض |

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾

آخر انہیں بھی صبح ہوتے ہوتے چنگھاڑنے آ دبوچا ﴿٨٣﴾ پس ان کی کسی تدبیر و عمل نے انہیں کوئی فائدہ نہ دیا ﴿٨٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٥ | وَمَا خَلَقْنَا | وَ مَا خَ لَقْ نَ | اور ہم نے پیدا نہیں کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلیق، مَخلُوق، خلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کو | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَ رْ ضَ | اور زمین کو | ا ر ض | اَرض و سَماء، کُرۂ ارض، اَرضِ مُقدس |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجرہ |
| | بَيْنَهُمَآ | بَا ئِیْ نَ ہُ مَا.. | ان دونوں کے درمیان ہے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ<br>بَینُ الاَقوامی |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْحَقِّ ؕ | بِلْ حَق ق | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | وَاِنَّ | وَاِن نَ | اور بے شک | | |
| | السَّاعَةَ | س سَاعَ ةَ | قیامت | س و ع | یَومُ السَّاعَہ (قیامت کا دن)، سَاعَتِ کُبریٰ، سَاعَات |
| | لَاٰتِيَةٌ | لَ آ تِ یَ تُن | ضرور آنے والی ہے | ء ت ی | |

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ

ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور ان کے درمیان کی سب چیزوں کو حق کے ساتھ ہی پیدا فرمایا ہے، اور قیامت ضرور ضرور آنے والی ہے، پس تُو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاصْفَحِ | فَ صْ فَ حِ | لہٰذا آپ درگزر کریں | ص ف ح | |
| | الصَّفْحَ | ص صَفْ حَ | (ان سے) درگزر کرنا | ص ف ح | |
| | الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾ | لْ جَ مِی ل | اچھے انداز سے | ج م ل | جَمالِ مُصطفیٰ ﷺ، حَسِین وَجَمِیل، اَجمَل |
| ۸۶ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | رَبَّكَ | رَب بَ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی | | |
| | الْخَلّٰقُ | لْ خَل لَا قُ | سب کچھ پیدا کرنے والا ہے | خ ل ق | خالِق، تخلِیق، مخلُوق، خلقت |
| | الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾ | لْ عَ لِی م | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تعلِیم، مُعلِّم، معلُوم، علّامہ |
| ۸۷ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | اٰتَيْنٰكَ | آ تَا ئِ نَا کَ | ہم نے آپ کو دی ہیں | ء ت ی | |

فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ

حسن و خوبی (اور اچھائی) سے درگزر کرلے ﴿۸۵﴾ یقیناً تیرا پروردگار ہی پیدا کرنے والا اور جاننے والا ہے ﴿۸۶﴾ یقیناً ہم نے آپ کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَبْعًا | سَبْ عَ | سات (آیتیں) | س ب ع | سَبعہ مُعلّقات، سَبع سَمٰوات، سَبع عَشرہ قرأت، سَبعِین (70) |
| | مِّنَ الْمَثَانِيْ | م مِنَ لْ مَ ثَا نِی | بار بار دہرائی جانے والی | ث ن ی | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْقُرْاٰنَ | وَلْ قُرْ آ نَ | اور قرآن | ق ر ء | قُرآن عَظِیم، قِرأت، قارِی |
| | الْعَظِيْمَ ﴿٨٧﴾ | لْ عَ ظِیْ مَ | عظیم | ع ظ م | عَظِیم، اَعظَم، عَظمَت، وَزارتِ عُظمٰی |
| ٨٨ | لَا تَمُدَّنَّ | لَا تَ مُدْ دَنْ نَ | آپ ہرگز نہ اٹھائیں | م د د | مَدّ ظِلُّہ العَالِی، مُدَّت، مَدّ، مُدِّ مُتَّصِل |
| | عَيْنَيْكَ | عَ ئِیْ نَ ئِیْ کَ | اپنی آنکھیں | ع ی ن | عَینی شَاہِد، مُعَایَنَہ، عَین سَامنے، قُرَّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | اِلٰى مَا | اِ لَا مَا | اس (مال ومتاع) کی طرف کہ | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | مَتَّعْنَا | مَتْ تَ عْ نَا | ہم نے فائدہ دیا | م ت ع | مَتَاعِ قَلِیل، مَتَاعِ گِرَاں، مُتَمَتِّع |

سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿٨٧﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا

سات آیتیں دے رکھی ہیں کہ وہ دہرائی جاتی ہیں اور عظیم قرآن بھی دے رکھا ہے ﴿٨٧﴾ آپ ہرگز اپنی نظریں اس چیز کی طرف نہ دوڑائیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہِیْ.. | اس کے ساتھ | | |
| | اَزْوَاجًا | اَ زْ وَا جَ | کئی قسم کے لوگوں کو | ز و ج | زَوجَہ، زَوج، اَزوَاجِ مُطَہَّرَات |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ ہُمْ | ان (کافروں) میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَلَا تَحْزَنْ | وَلَا تَ حْ زَنْ | اور آپ غم نہ کھائیں | ح ز ن | حُزن وَمَلَال، عَامُ الحُزن، غَم وحُزن |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِیْ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | وَاخْفِضْ | وَخْ فِضْ | اور آپ جھکا دیں | خ ف ض | |
| | جَنَاحَكَ | جَ نَا حَ کَ | اپنا بازو | ج ن ح | |
| | لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ | لِلْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمنوں کے لئے | ء م ن | اَمن وَاَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |

بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ اخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾

جس سے ہم نے ان میں سے کئی قسم کے لوگوں کو بہرہ مند کر رکھا ہے، نہ ان پر آپ افسوس کریں اور مؤمنوں کیلئے اپنا بازو جھکائے رہیں ﴿٨٨﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٩ | وَقُلْ | وَ قُلْ | اور فرما دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، قَول، اَقوَال، مَقولہ |
| | اِنِّيْٓ اَنَا | اِنْ نِیْ.. اَ نَ | بے شک میں ہی تو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّذِيْرُ | نَ ذِ یْ رُ | خوب ڈرانے والا ہوں | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار، مُنذِر |
| | الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ ج | لْ مُ بِیْ نُ | کھلم کھلا | ب ی ن | بیان، مُبَیِّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ۹۰ | كَمَآ | کَ مَا.. | (ایسے عذاب سے) جیسا کہ | | کَالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | اَنْزَلْنَا | اَنْ زَلْ نَا | ہم نے نازل کیا تھا | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ لا | عَ لَلْ مُقْ تَ سِ مِیْ نَ | تقسیم کرنے والوں پر | ق س م | قاسِم، تَقسِیم کار، اَقسام، مُنقَسِم |
| ۹۱ | الَّذِيْنَ | اَلْ لَ ذِیْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | جَعَلُوا | جَ عَ لُ | کر دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |

وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ ج كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ لا الَّذِيْنَ جَعَلُوا

اور کہہ دیجئے کہ میں تو کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿۸۹﴾ جیسے کہ ہم نے ان تقسیم کرنے والوں پر اتارا ﴿۹۰﴾ جنہوں نے اس کتاب الٰہی کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْقُرْاٰنَ | لْ قُرْ آ نَ | قرآن کو | ق ر ء | قُرآنِ عَظِیم، قِراَت، قاری |
| | عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ | عِ ضِیْ نَ | ٹکڑے ٹکڑے (کچھ مانا، کچھ نہ مانا) | ع ض ی | |
| ۹۲ | فَوَرَبِّكَ | فَ وَ رَبْ بِ کَ | پس آپ کے رب کی قسم! | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ | لَ نَسْ ءَ لَنْ نَ هُمْ | یقیناً ہم ان سے ضرور پوچھیں گے | س ء ل | سُوال، مَسئلہ، مَسئُول، سائِل |
| | اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ لا | اَجْ مَ عِیْ نَ | سب سے | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| ۹۳ | عَمَّا | عَمْ مَا | اس چیز کے متعلق جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ | یَعْ مَ لُوْ نَ | عمل کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمُول |

الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ لا عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے ﴿۹۱﴾ قسم ہے تیرے پالنے والے کی! ہم ان سب سے ضرور باز پرس کریں گے ﴿۹۲﴾ ہر اس چیز کی جو وہ کرتے تھے ﴿۹۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۴ | فَاصْدَعْ | فَ صْ دَعْ | لہٰذا آپ کھول کر سنا دیں | ص د ع | صُداعِ دَرد، اَکسِیر صُداع |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس چیز کو کہ | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | تُؤْمَرُ | تُ x مَ رُ | آپ کو (اسکا) حکم دیا گیا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | وَاَعْرِضْ | وَ اَ عْ رِضْ | اور آپ منہ پھیر لیں | ع ر ض | اِعرَاض کرنا، اِعرَاض برتنا |
| | عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٩٤﴾ | عَنِ لْ مُشْ رِ كِیْ نَ | مشرکوں سے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَکَاء |
| ٩٥ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | كَفَيْنٰكَ | كَ فَا یْ نَا كَ | آپ کو کافی ہیں | ك ف ی | کَافِی ہونا، کِفَایَت کرنا<br>ہمیں اللہ ہی کافی ہے |
| | الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿٩٥﴾ | لْ مُسْ تَ هْ زِ ءِ یْنَ | ٹھٹھا کرنے والوں سے | ھ ز ء | اِستِہزَاء کرنا (ہنسی مذاق کرنا) |

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٩٤﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿٩٥﴾

پس آپ اس حکم کو جو آپکو کیا جارہا ہے کھول کر سنا دیجئے! اور مشرکوں سے منہ پھیر لیجئے ﴿٩٤﴾ آپ سے جو لوگ مسخراپن کرتے ہیں انکی سزا کیلئے ہم کافی ہیں ﴿٩٥﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٩٦ | الَّذِيْنَ | اَلْ لَ ذِیْنَ | وہ لوگ جو | | |
| | يَجْعَلُوْنَ | یَ جْ عَ لُوْنَ | بناتے ہیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغِذات |
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِلٰهًا | اِ لَا هَنْ | کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اٰخَرَ ج | آ خَ رَ | دوسرا | ء خ ر | آخَر، اُخرٰی، تاخِیر، مُؤَخَّر<br>طَاؤس و رُبَاب آخَر |
| | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | پس جلد ہی | | |
| | يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ | یَ عْ لَ مُوْنَ | وہ جان لیں گے (اپنا انجام) | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| ٩٧ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | نَعْلَمُ | نَ عْ لَ مُ | ہم جانتے ہیں | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | اَنَّكَ | اَنْ نَ كَ | کہ بے شک آپ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ

جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرے معبود مقرر کرتے ہیں انہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا ﴿٩٦﴾ ہمیں خوب علم ہے کہ ان کی باتوں سے آپ (ﷺ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَضِيْقُ | یَ ضِیْ قُ | تنگ ہوتا ہے | ض ی ق | ضِیْقُ النَّفس، ضِیْقُ الصَّدْر (سانس کی تنگی) (سینہ کی تنگی) |
| | صَدْرُكَ | صَ دْ رُ کَ | آپ کا سینہ | ص د ر | صَدْر، صُدُوْر (سینے)، شَرحِ صَدْر، شَقِ صَدْر کا واقعہ |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی وجہ سے جو | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَا جَرَہ |
| | يَقُوْلُوْنَ ﴿٩٧﴾ | یَ قُوْ لُوْ نَ | وہ کہتے ہیں | ق و ل | قَول و قَرار، قَول، اَقوال، مَقولہ |
| ۹۸ | فَسَبِّحْ | فَ سَبْ بِ حْ | پس آپ تسبیح بیان کریں | س ب ح | سُبحَانَ اللہ، تَسبِیح و تَحمِید، تَسبِیحات |
| | بِحَمْدِ | بِ حَ مْ دِ | حمد کے ساتھ | ح م د | حمد و ثناء، حامد، محمود، مُحَمَّد |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | وَكُنْ | وَ کُ نْ | اور آپ ہوں | ک و ن | |
| | مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٩٨﴾ | مِنَ سْ سَا جِ دِیْ نَ | سجدہ کرنے والوں میں سے | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |

يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿٩٧﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٩٨﴾

کا دل تنگ ہوتا ہے ﴿٩٧﴾ آپ (ﷺ) اپنے پروردگار کی تسبیح اور حمد بیان کرتے رہیں اور سجدہ کرنے والوں میں شامل ہو جائیں ﴿٩٨﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۹ | وَاعْبُدْ | وَ عْ بُ دْ | اور آپ عبادت کریں | ع ب د | عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | رَبَّكَ | رَب بَ کَ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | حَتّٰى | حَتْ تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | يَاْتِيَكَ | یَ x تِ یَ کَ | آپ کے پاس آجائے | ء ت ی | |
| | الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾ | لْ یَ قِیْ نُ | یقین (موت) | وق ن | یَقِین، یَقِینی عِلم، یَقِینی صُورَت حَال |

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾

اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہاں تک کہ آپ (ﷺ) کو موت آجائے۔ (۹۹)

## اٰیَاتُهَا ١٢٨ (١٦) سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ (٧٠) رُكُوْعَاتُهَا ١٦

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | اَتٰۤی | آ تا.. | آ پہنچا | ء ت ی | |
| | اَمْرُ | اَ مْ رُ | حکم | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ | فَ لَا تَسْ تَ عْ جِ لُوْہُ | لہٰذا تم اسے جلدی طلب نہ کرو | ع ج ل | عُجلَتْ پَسند، مُعَجَّل، تَعجِیل (جلد بازی) |
| | سُبْحٰنَهٗ | سُبْ حَا نَ ہُوْ | وہ پاک ہے | س ب ح | سُبحَانَ اللہ، تَسبِیح و تَحمِید |
| | وَتَعٰلٰی | وَ تَ عَا لَا | اور برتر | ع ل و | عُلُوّ، عُلیا، اَعلٰی و اَرفَع، عَالِی مَقام |
| | عَمَّا | عَمْ مَا | ان سے جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يُشْرِكُوْنَ ۝١ | یُشْ رِ کُوْن | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَکَاء |
| ٢ | يُنَزِّلُ | یُ نَزْ زِ لُ | وہی نازل کرتا ہے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | الْمَلٰٓئِكَةَ | لْ مَ لَا...ءِ کَ ةَ | فرشتوں (جبریل) کو | م ل ك | مَلَائِکَہ، مَلَکُ المَوت (موت کا فرشتہ) |

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝١ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ

اللہ تعالیٰ کا حکم آ پہنچا، اب اسکی جلدی نہ مچاؤ، تمام پاکی اس کیلئے ہے وہ برتر ہے ان سب سے جنہیں یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک شریک بتلاتے ہیں ① وہی فرشتوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالرُّوْحِ | بِ رْ رُوْ حِ | روح (وحی) کے ساتھ | ر و ح | رُوح، رُوحَانی، رُوحَانی عِلاج<br>رُوحُ الاَمِین (جبرائیل علیہ السلام) |
| | مِنْ اَمْرِهٖ | مِنْ اَ مْ رِ ہِیْ | اپنے حکم سے | ء م ر | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم<br>اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ | عَ لَا مَا ئِیْں یَ شَا...ءُ | جس پر وہ چاہتا ہے | ش ی ء | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم<br>اِن شَاءَ اللہ، مَا شَاءَ اللہ، مَشِیَّتِ اِلٰہی |
| | مِنْ عِبَادِهٖٓ | مِنْ عِ بَا دِ ہِیْ.. | اپنے بندوں میں سے | ع ب د | عَبدُ اللہ، عِبَاد، عِبَادُ الرَّحمٰن |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْذِرُوْٓا | اَنْ ذِرُوْ.. | تم ڈراؤ (لوگوں کو) | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار، مُنذِر |
| | اَنَّهٗ | اَنْ نَ هُوْ | کہ بے شک شان یہ ہے | | |
| | لَآ | لَا.. | نہیں | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | اِلٰهَ | اِلَا هَ | کوئی معبود | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |

بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ

اپنی وحی دے کر اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اتارتا ہے کہ تم لوگوں کو آگاہ کر دو کہ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | اَنَا۠ | اَ نَ | میں ہی | | |
| | فَاتَّقُوْنِ ۲ | فَتْ تَ قُوْ نِ | لہٰذا تم مجھ ہی سے ڈرو | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ۳ | خَلَقَ | خَ لَ قَ | اس نے پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تَخلیق، مَخلُوق، خلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کو | س م و | سماوی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض و سَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | بِالْحَقِّ ؕ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حق بات، حَقِیقت |
| | تَعٰلٰى | تَ عَا لَا | وہ برتر ہے | ع ل و | اللہ تعالیٰ، عُلُوّ، عالی شان، اَعلیٰ و اَرفع |
| | عَمَّا | عَمْ مَا | ان سے جو | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | يُشْرِكُوْنَ ۳ | يُشْ رِ كُوْ نَ | وہ (اس کے) شریک ٹھہراتے ہیں | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |

اِلَّآ اَنَا۠ فَاتَّقُوْنِ ۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۳

پس تم مجھ سے ڈرو ۲ اسی نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا وہ اس سے بری ہے جو مشرک کرتے ہیں ۳

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | خَلَقَ | خَ لَ قَ | اس نے پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تَخلیق، مَخلُوق، خلقت |
| | الْاِنْسَانَ | لْ اِنْ سَا نَ | انسان کو | ا ن س | اِنسانی خُلیہ، خوبصورت اِنسان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ نُّطْفَةٍ | مِنْ نُ طْ فَ تِنْ | ایک نطفے سے | ن ط ف | نُطفہ اِنسانی |
| | فَإِذَا | فَ اِذَا | پھر اچانک | | |
| | هُوَ | ہُ وَ | ہو (ہوگیا) | | |
| | خَصِيمٌ | خَ صِیْ مُ | جھگڑنے والا | خ ص م | خَصم، خُصُومَت، مُخَاصمت |
| | مُّبِينٌ ④ | مُ بِیْ نْ | کھلم کھلا | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ٥ | وَالْأَنْعَامَ | وَلْ اَنْ عَا مَ | اور چوپائے بھی | ن ع م | عَوَام کَالاَنعَام، سُورَۃُ الاَنعَام |
| | خَلَقَهَا ج | خَ لَ قَ ہَا | اُسی نے انہیں پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |

خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ④ وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا ج

اس نے انسان کو نطفے سے پیدا کیا پھر وہ صریح جھگڑالو بن بیٹھا ④ اسی نے چوپائے پیدا کئے جن میں تمہارے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | فِيهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | دِفْءٌ | دِفْ ءُنْ | گرماؤ ہے | د ف ء | |
| | وَّمَنَافِعُ | وَ مَ نَا فِ عُ | اور کئی فائدے ہیں | ن ف ع | نَفع، مُنَافع، مَنفعَت |
| | وَمِنْهَا | وَ مِنْ ہَا | اور ان میں سے کچھ کو | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | تَأْكُلُونَ ⑤ صلے | تَ x کُ لُوْ نَ | تم کھاتے ہو | ء ك ل | اَکلِ حلال، اَکل و شُرب |
| ٦ | وَلَكُمْ | وَلَ کُ مْ | اور تمہارے لئے | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکَت، عَقل وشُعُور |
| | فِيهَا | فِیْ ہَا | ان (چوپایوں) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | جَمَالٌ | جَ مَا لُنْ | رونق بھی ہے | ج م ل | جَمَالِ مُصطَفٰی ﷺ، حَسِین وجَمِیل، اَجمَل |
| | حِينَ | حِیْ نَ | جب | | |
| | تُرِيحُونَ | تُ رِیْ حُوْ نَ | تم شام کے وقت چرا کر لاتے ہو | ر و ح | |

لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّ مَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝٥ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ

گرم لباس ہیں اور بھی بہت سے نفع ہیں اور بعض تمہارے کھانے کے کام آتے ہیں ⑤ اور ان میں تمہاری رونق بھی ہے جب چرا کر لاؤ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَحِيْنَ | وَ-حِی-نَ | اور جب | | |
| | تَسْرَحُوْنَ ۝٦ | تَس-رَحُوْ-نَ | تم صبح کے وقت چَرانے لے جاتے ہو | س ر ح | |
| ۷ | وَتَحْمِلُ | وَ-تَ-حْ-مِ-لُ | اور وہ اُٹھا لے جاتے ہیں | ح م ل | حَمل، حامِلہ عورت، حامِلِ قُرآن |
| | اَثْقَالَكُمْ | اَثْ-قَا-لَ-كُ-مْ | تمہارے بوجھ | ث ق ل | ثِقلِ ارض، ثقیل، کشش ِثِقل، ثقالت |
| | اِلٰى بَلَدٍ | اِلَا بَ-لَ-دِ | اس شہر کی طرف (کہ) | ب ل د | بَلَد، بِلاد، بَلدِیہ، بَلدِ مدینہ |
| | لَّمْ تَكُوْنُوْا | لَمْ تَ-كُوْ-نُوْ | تم نہیں ہو | ك و ن | |
| | بٰلِغِيْهِ | بَا-لِ-غِی-ہِ | اس (شہر) تک پہنچنے والے | ب ل غ | بالِغ، اَبلاغِ عامہ، ذرائع اَبلاغ |
| | اِلَّا | اِل-لَا | مگر | | اِلّا ما شاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | بِشِقِّ | بِ-شِق-قِ | (سخت) مشقت کے ساتھ | ش ق ق | محنت ومُشقّت، مُشقّت، مُشقّتی آدمی |

وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝٦ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ

تب بھی اور جب چرانے لے جاؤ تب بھی ⑥ اور وہ تمہارے بوجھ ان شہروں تک اٹھا لے جاتے ہیں جہاں تم بغیر آدھی جان کئے پہنچ ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَنْفُسِ ط | لْ-اَن-فُ-سِ | جانوں کی | ن ف س | نفس، اَنفُس، نفسا نفسی، تنفّس |
| | اِنَّ | اِن-نَ | بلاشبہ | | |
| | رَبَّكُمْ | رَب-بَ-كُ-مْ | تمہارا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | لَرَءُوْفٌ | لَ-رَ-ءُوْ-فُ | یقیناً بہت ہی شفقت کرنیوالا | ر ء ف | رَءُوفٌ (اللہ کا نام ہے) |
| | رَّحِيْمٌ ۝٧ | رَ-رَ-حِی-م | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکرم |
| ۸ | وَّالْخَيْلَ | وَلْ-خَا-ئِ-لَ | اور (اُسی نے پیدا کیے) گھوڑے | خ ی ل | خَیلُ الحرب (جنگ کا گھوڑا) |
| | وَالْبِغَالَ | وَلْ-بِ-غَا-لَ | اور خچر | ب غ ل | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْحَمِيْرَ | وَلْ حَ مِیْ رَ | اور گدھے | | حِمارِ اَہلی (گھریلو گدھا) |
| | لِتَرْكَبُوْهَا | لِ تَ رْ كَ بُوْ هَا | تاکہ تم ان پر سوار ہو | ر ك ب | راکِب (سوار ہونے والا) مَراکِب، رُکبان |

الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا

نہیں سکتے تھے، یقیناً تمہارے رب بڑا ہی شفیق اور نہایت مہربان ہے ⑦ گھوڑوں کو، خچروں کو، گدھوں کو اس نے پیدا کیا کہ تم ان کی سواری لو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَزِيْنَةً ۭ | وَ زِیْ نَ ةً | اور زینت کے لئے | ز ی ن | زَینُ العابِدین، مُزَیَّن، زِینت |
| | وَيَخْلُقُ | وَ یَ خْ لُ قُ | اور وہ پیدا کرتا ہے | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | مَا | مَا | جو | | ماحول، مافوقُ الفِطرت، ماجرہ |
| | لَا تَعْلَمُوْنَ ⑧ | لَا تَ عْ لَ مُوْ نَ | تم نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، معلوم، علّامہ |
| ٩ | وَعَلَى اللّٰهِ | وَ عَ لَلْ لَا هِ | اور اللہ ہی کے ذمے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | قَصْدُ | قَ صْ دُ | سیدھی | ق ص د | قصد (سیدھا راستہ جو اللہ کی طرف جاتا ہے) |
| | السَّبِيْلِ | سْ سَ بِیْ لِ | راہ (کا بیان) | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فی سَبیلِ اللہ |
| | وَمِنْهَا | وَ مِنْ هَا | اور کچھ ان میں سے | | رحم وکرم، شان وشوکت، عقل وشعور، مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | جَآئِرٌ ۭ | جَا ... ءِ رٌ | ٹیڑھی ہیں | ج و ر | ظُلم وجَور، جور وستم ڈھانا |

وَزِيْنَةً ۭ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۭ

اور وہ باعث زینت بھی ہیں اور بھی وہ ایسی بہت چیزیں پیدا کرتا ہے جن کا تمہیں علم بھی نہیں ⑧ اور اللہ تعالیٰ پر سیدھی راہ کا بتا دینا ہے اور بعض ٹیڑھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَوْ | وَ لَوْ | اور اگر | | |
| | شَآءَ | شَا ... ءَ | (اللہ) چاہتا | ش ی ء | اِن شاءَ اللہ، ماشاءَ اللہ، مشیتِ اِلٰہی |
| | لَهَدٰىكُمْ | لَ هَ دَا كُمْ | تو تمہیں ضرور ہدایت دے دیتا | ه د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہدایت |
| | اَجْمَعِيْنَ ⑨ ع | اَ جْ مَ عِیْ نَ | سب کو | ج م ع | جمع، جمیع، اجماع، مجمع، مجموعہ |
| ١٠ | هُوَالَّذِيْٓ | هُ وَلْ لَ ذِیْ.. | وہی ہے جس نے | | |

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل | ن ز ل | نازل کیا | اَن زَ لَ | اَنۡزَلَ | |
| سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء | س م و | آسمان سے | مِنَ س سَ مَا...ءِ | مِنَ السَّمَآءِ | |
| مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد | م و ہ | پانی | مَا...ءَ | مَآءً | |
| | | تمہارے لئے | ل لَ کُ مۡ | لَّكُمۡ | |
| مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم | | اُسی سے ہے | مِن ہُ | مِّنۡهُ | |

وَلَوۡ شَآءَ لَهَدٰىكُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ۹ هُوَ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمۡ مِّنۡهُ

راہیں ہیں اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو راہ راست پر لگا دیتا ⑨ وہی تمہارے فائدے کے لئے آسمان سے پانی برستا ہے جسے تم پیتے

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| شَربت، مَشرُوب، شَراب | ش ر ب | پینا | شَ رَا بُن | شَرَابٌ | |
| رَحم وکَرم، شَان وشَوکَت، عَقل وشُعُور مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم | | اور اُسی سے (ہوتے ہیں) | وَ مِن ہُ | وَّمِنۡهُ | |
| شَجَر وحَجَر، اَشجَار، شَجَرہ مُبارَکہ | ش ج ر | درخت | شَ جَ رُن | شَجَرٌ | |
| فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت | | ان میں | فِیۡ ہِ | فِيۡهِ | |
| | س و م | تم (جانور) چَراتے ہو | تُ سِیۡ مُوۡ نَ | تُسِيۡمُوۡنَ ۱۰ | |
| نَباتَاتُ الاَرض، عِلمِ نَباتَات | ن ب ت | وہی اُگاتا ہے | یُم بِ تُ | يُنۡۢبِتُ | ۱۱ |
| | | تمہارے لئے | لَ کُ مۡ | لَكُمۡ | |
| | | اس (پانی) کے ساتھ | بِ ہِ | بِهِ | |
| زَرَاعت، زَرعی آلات، مَزَارِع | ز ر ع | کھیتی | ز زَرۡ عَ | الزَّرۡعَ | |
| زَیتُون کا تیل، اَچارِ زَیتُون | ز ی ت | اور زیتون | وَ ز زَا ئِیۡ تُوۡ نَ | وَالزَّيۡتُوۡنَ | |

شَرَابٌ وَّمِنۡهُ شَجَرٌ فِيۡهِ تُسِيۡمُوۡنَ ۱۰ يُنۡۢبِتُ لَكُمۡ بِهِ الزَّرۡعَ وَالزَّيۡتُوۡنَ

بھی ہو اور اسی سے اُگے ہوئے درختوں کو تم اپنے جانوروں کو چراتے ہو ⑩ اسی سے وہ تمہارے لئے کھیتی اور زیتون

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| نَخل، نَخلِستان، نَخلِ مَرقَد (قبر پر کھجور) | ن خ ل | اور کھجور | وَ ن نَ خِیۡ لَ | وَالنَّخِيۡلَ | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالۡاَعۡنَابَ | وَ لۡ اَ عۡ نَا بَ | اور انگور | ع ن ب | عِنَب (انگور)، اَعناب |
| | وَمِنۡ كُلِّ | وَ مِنۡ كُل لِ | اور ہر قسم کے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | الثَّمَرٰتِ ؕ | ث ثَ مَ رَا ت | پھل | ث م ر | ثمر بار، مُثمِر، ثَمرہ، شربتِ ثمر |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | فِىۡ ذٰلِكَ | فِيۡ ذَا لِ كَ | اس میں | | |
| | لَاٰيَةً | لَ آ يَا تَ | یقیناً بڑی نشانی ہے | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّقَوۡمٍ | ل لِ قَا وۡ مِنۡ | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۱۱﴾ | يَ تَ فَ كَ كَ رُوۡ نَ | جو غور و فکر کرتے ہیں | ف ك ر | فکرِ آخرت، تفکُّر، تفکُّرات، مُفکِّر |

وَالنَّخِيۡلَ وَالۡاَعۡنَابَ وَمِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۱۱﴾

اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل اُگاتا ہے بے شک ان لوگوں کے لئے تو اس میں بڑی نشانی ہے جو غور و فکر کرتے ہیں ﴿۱۱﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | وَسَخَّرَ لَـكُمُ | وَ سَ خ خَ رَ لَ كُ مُ | اور اس نے تمہارے تابع کر دیئے | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسخَّر کرنا |
| | الَّيۡلَ | ل لَا ئِ لَ | رات | ل ی ل | لَیل و نہار، لَیلۃُ القدر، قِیامُ اللَّیل |
| | وَالنَّهَارَ ۙ | وَ ن نَ هَا رَ | اور دن | ن ھ ر | لَیل و نَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | وَالشَّمۡسَ | وَ ش شَمۡ سَ | اور سورج | ش م س | شمس و قمر، شَمسی سال، شَمسی توانائی |
| | وَالۡقَمَرَ ؕ | وَ لۡ قَ مَ رَ | اور چاند | ق م ر | قَمری مہینہ، شمس و قمر، قمر (نام) |
| | وَالنُّجُوۡمُ | وَ ن نُ جُو مُ | اور ستارے (بھی) | ن ج م | نجم، علمِ نُجوم (ستارے)، نجمِ ثاقب |
| | مُسَخَّرٰتٌۢ | مُ سَ خ خَ رَا تُمۡ | تابع کر دیئے گئے ہیں | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسخَّر کرنا |
| | بِاَمۡرِهٖ ؕ | بِ اَمۡ رِ هٖ | اُسی کے حکم سے | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |

وَسَخَّرَ لَـكُمُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوۡمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمۡرِهٖ ؕ

اسی نے رات دن اور سورج چاند کو تمہارے لئے تابع کر دیا ہے اور ستارے بھی اسی کے حکم کے ماتحت ہیں، یقیناً اس میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | إِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَالِ كَ | اس میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ یا تِ | یقیناً عظیم نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیَتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِنْ | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | يَّعْقِلُوْنَ ⑫ | یَ عْ قِ لُو نَ | جو عقل رکھتے ہیں | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |
| ۱۳ | وَمَا | وَ مَا | اور (تابع کیں) وہ چیزیں جو | | رَحم وکَرم، شَان وشَوکت، عَقل وشُعُور، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | ذَرَاَ | ذَ رَ اَ | اس نے پیدا کیں | ذ ر ء | |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | مُخْتَلِفًا | مُ خْ تَ لِ فَنْ | اس حال میں کہ مختلف ہیں | خ ل ف | اِختِلَاف، مُختَلِف ہونا، مُخَالَفَت |

إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ⑫ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا

عقلمند لوگوں کیلئے کئی ایک نشانیاں موجود ہیں ⑫ اور بھی بہت سی چیزیں طرح طرح کے رنگ روپ کی اس نے تمہارے لئے زمین پر پھیلا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْوَانُهٗ ؕ | اَلْ وَا نُ هٗ | ان کے رنگ | ل و ن | لَوْنِ اَبْیَض (سفید رنگ)، اَلوَان لَوْنِ اَسْوَد (سیاہ رنگ) |
| | إِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَالِ كَ | اس میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | لَاٰيَةً | لَ آ یَ تً | یقیناً بڑی نشانی ہے | ء ی ی | آیَتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِنْ | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | يَّذَّكَّرُوْنَ ⑬ | یَذْ ذَ کْ کَ رُو نَ | جو نصیحت حاصل کرتے ہیں | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| ۱۴ | وَهُوَ الَّذِيْ | وَ هُ وَلْ لَ ذِیْ | اور وہی ہے (اللہ) جس نے | | |
| | سَخَّرَ | سَ خْ خَ رَ | تابع کر دیا | س خ ر | تَسخِیرِ کَائِنَات، مُسَخَّر کرنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْبَحْرَ | لْ بَ حْ رَ | سمندر کو | ب ح ر | بحرِ ہند، بحیرہ عرب، بحرِ اوقیانوس |

اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ⑬ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ

رکھی ہیں، بے شک نصیحت قبول کرنے والوں کیلئے اس میں بڑی بھاری نشانی ہے ⑬ اور دریا بھی اسی نے تمہارے بس میں کر دیئے ہیں کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِتَاْكُلُوْا | لِ تَ x کُ لُوْ | تاکہ تم کھاؤ | ا ک ل | اَکلِ حلال، اَکل و شُرب |
| | مِنْهُ | مِنْ ہُ | اس میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | لَحْمًا | لَ حْ مَنْ | گوشت | ل ح م | لحمِ خنزیر، ماءُ اللحم، لحمیات (پروٹین) |
| | طَرِيًّا | طَ رِیْ یَاؤں | تروتازہ (مچھلی کا) | ط ر و | |
| | وَّتَسْتَخْرِجُوْا | وَتَسْ تَ خْ رِ جُوْ | اور (تاکہ) تم نکالو | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مخرج، خروج |
| | مِنْهُ | مِنْ ہُ | اس میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | حِلْيَةً | حِلْ یَ تَنْ | زیور | ح ل ی | |
| | تَلْبَسُوْنَهَا ۚ | تَ لْ بَ سُوْ نَ ہَا | کہ تم اسے پہنتے ہو | ل ب س | لباس، ملبوس، ملبوسات |
| | وَتَرَى | وَ تَ رَ | اور تو دیکھتا ہے | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |

لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى

تم اس میں سے (نکلا ہوا) تازہ گوشت کھاؤ اور اس میں سے اپنے پہننے کے زیورات نکال سکو اور تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں اس میں پانی چیرتی ہوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْفُلْكَ | لْ فُ لْ کَ | کشتیوں کو | ف ل ک | فُلک (کشتی) |
| | مَوَاخِرَ | مَ وَا خِ رَ | اس حال میں کہ پانی کو پھاڑتی ہوئی چلتی ہیں | م خ ر | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فی الحال، فی الفور، فی الوقت |
| | وَلِتَبْتَغُوْا | وَلِ تَبْ تَ غُوْ | اور تاکہ تم تلاش کرو | ب غ ی | |
| | مِنْ فَضْلِهٖ | مِنْ فَ ضْ لِ ہِیْ | اس کا فضل (رزق) | ف ض ل | فضل، فضیلت، اَفضل، فضائل |
| | وَلَعَلَّكُمْ | وَلَ عَلْ لَ کُ مْ | اور تاکہ تم | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَشۡكُرُوۡنَ ⑭ | تَشۡ کُ رُوۡن | شکر کرو | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکر گزار، مَشکور |
| ۱۵ | وَاَلۡقٰى | وَ اَلۡ قَا | اور اس نے گاڑ دیئے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |

الۡفُلۡكَ مَوَاخِرَ فِيۡهِ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ⑭ وَاَلۡقٰى

(چلتی) ہیں اور اس لئے بھی کہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور ہوسکتا ہے کہ تم شکر گزاری بھی کرو⑭ اور اس نے زمین میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِى الۡاَرۡضِ | فِلۡ اَرۡض | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | رَوَاسِىَ | رَوَاسِ یَ | مضبوط پہاڑ | ر س و | |
| | اَنۡ تَمِيۡدَ | اَنۡ تَ مِیۡ دَ | تاکہ وہ جھک (نہ) پڑے (کسی ایک طرف) | م ی د | |
| | بِكُمۡ | بِ کُ مۡ | تمہیں لے کر | | |
| | وَاَنۡهٰرًا | وَ اَنۡ ہَا رَاؤں | اور (اس میں بنائیں) نہریں | ن ہ ر | نَہر، اَنہار، نَہر جاری، نَہرِ زُبیدہ |
| | وَّسُبُلًا | وَ سُ بُ لَ | اور راستے | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فِی سَبیلِ اللہ |
| | لَّعَلَّكُمۡ | لَ عَلۡ لَ کُ مۡ | تاکہ تم | | |
| | تَهۡتَدُوۡنَۙ ⑮ | تَہۡ تَ دُوۡن | راہ پاؤ | ہ د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہِدایت |

فِى الۡاَرۡضِ رَوَاسِىَ اَنۡ تَمِيۡدَ بِكُمۡ وَاَنۡهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَۙ ⑮

پہاڑ گاڑ دیئے ہیں تاکہ تمہیں لے کر ہلے نہ، اور نہریں اور راہیں بنا دیں تاکہ تم منزل مقصود کو پہنچو⑮

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶ | وَعَلٰمٰتٍ ؕ | وَ عَ لَا مَا ت | اور (بنائیں) نشانیاں (بھی) | ع ل م | عَلامَت، عَلامَاتِ قِیامَت |
| | وَبِالنَّجۡمِ | وَ بِنۡ نَ جۡ مِ | اور ستاروں کے ساتھ (بھی) | ن ج م | نَجم، عِلمِ نُجُوم (ستارے)، نَجمِ ثاقِب |
| | هُمۡ | ہُمۡ | وہ | | |
| | يَهۡتَدُوۡنَ ⑯ | یَ ہۡ تَ دُوۡن | راہ پاتے ہیں | ہ د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہِدایت |
| ۱۷ | اَ | اَ | کیا | | |
| | فَمَنۡ | فَ مَا ئِیۡں | پھر وہ (اللہ) جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّخْلُقُ | یَ خْ لُ قُ | (سب کچھ) پیدا کرتا ہے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | كَمَنْ | کَ مَ ن | اُس کی طرح ہے جو | | |
| | مِنْ دَآبَّةٍ | مِنْ دَا... بْ بَ تِنْ | کوئی بھی چلنے والا (جاندار) | د ب ب | دَابَّۃُ الْاَرض، دَبِیبُ الْاَرض (زمین پر رینگنے والا جانور) |
| | وَالْمَلٰٓئِكَةُ | وَلْ مَ لَا... ءِ کَ ۃُ | اور فرشتے (بھی) | م ل ک | مَلائکہ، مَلَکُ الموت (موت کا فرشتہ) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَهُمْ | وَ ہُ مْ | اور وہ | | قول وقرار، حزن وملال، غم وحزن |
| | لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝٤٩ | لَا یَسْ تَ کْ بِ رُوْ نَ | تکبر نہیں کرتے | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبِیر، تکبُّر |
| ٥٠ | يَخَافُوْنَ | یَ خَا فُوْ نَ | وہ ڈرتے ہیں | خ و ف | خوف، خائف، مَخَافَۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | رَبَّهُمْ | رَب بَ ہُمْ | اپنے رب سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝٤٩ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ

اور تمام فرشتے اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدے کرتے ہیں اور ذرا بھی تکبر نہیں کرتے ۝٤٩ اور اپنے رب سے جو ان کے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ فَوْقِهِمْ | مِنْ فَا ؤْقِ ہِمْ | (جو) ان کے اوپر ہے | ف و ق | فوقُ الارض، فوقَ السّماء، فوقیّت |
| | وَيَفْعَلُوْنَ | وَ یَ فْ عَ لُوْ نَ | اور وہ کرتے ہیں | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| | مَا | مَا | وہی کچھ جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجَرَہ |
| | يُؤْمَرُوْنَ ۩ ۝٥٠ السجدة | یُ x مَ رُوْ نَ | انہیں حکم دیا جاتا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ٥١ | وَقَالَ | وَ قَ ا لَ | اور کہا: | ق و ل | قول وقرار، قول، اَقوال، مَقولہ |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | لَا تَتَّخِذُوْٓا | لَا تَت تَ خِ ذُوْ.. | تم مت بناؤ | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخذہ کرنا، |
| | اِلٰهَيْنِ | اِلَا ہَا یْ نِ | معبود (دو) | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اثْنَيْنِ ج | ثْ نَا یْ نِ | دو | ث ن ی | ثانی، عقدِ ثانی، لاثانی |

مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۩ ۝٥٠ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ج

اوپر ہے، کپکپاتے رہتے ہیں اور جو حکم مل جائے اس کی تعمیل کرتے ہیں ۝٥٠ اللہ تعالیٰ ارشاد فرما چکا ہے کہ دو معبود نہ بناؤ معبود تو صرف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّمَا هُوَ | اِن نَ مَا ہُ وَ | یقیناً وہ | | |
| | اِلٰهٌ | اِلَا ہُنْ | معبود ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَّاحِدٌ ج | وَا حِ دُ | ایک ہی | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، اَحد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاِيَّايَ | فَ اِی یَا یَ | پس مجھ سے ہی | | |
| | فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ | فَ رْ ھَ بُوْ نِ | پس تم ڈرو | ر ه ب | تَرْغِیب وتَرْہِیب (شوق وخوف) |
| ۵۲ | وَلَهٗ | وَ لَ ہُوْ | اور اس کے لئے ہے | | قَول وقَرار، حُزن ومَلال، غَم وحُزن |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | فِي السَّمٰوٰتِ | فِس سَ مَا وَا تِ | آسمانوں میں ہے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَ رْ ضِ | اور (جو) زمین میں ہے | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | وَلَهُ | وَ لَ ہُ | اور اسی کے لئے ہے | | |

اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ

وہی اکیلا ہے، پس تم سب صرف میرا ہی ڈر خوف رکھو ﴿۵۱﴾ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اسی کا ہے اور اسی کی عبادت لازم ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الدِّيْنُ | د دِیْ نُ | اطاعت | د ی ن | دِینِ اِسلام، دِینِ مَتین، دِینِ مُحمَّدی |
| | وَاصِبًا ؕ | وَا صِ بَا | ہمیشہ | و ص ب | |
| | اَفَغَيْرَ | اَ فَ غَا ئِ رَ | کیا پھر غیر | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بَغیر |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ سے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ | تَت تَ قُوْ نَ | تم ڈرتے ہو؟ | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تَقویٰ وپرہیزگاری |
| ۵۳ | وَمَا بِكُمْ | وَ مَا بِ کُ مْ | اور جو بھی تمہارے پاس ہے | | |
| | مِّنْ نِّعْمَةٍ | مِن نِ عْ مَ تِنْ | کوئی نعمت | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم نَعِیم (نام) |
| | فَمِنَ اللّٰهِ | فَ مِنَ ل لَا ہِ | تو (وہ) اللہ ہی کی طرف سے ہے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |

الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ

کیا پھر تم اس کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو؟ ﴿۵۲﴾ تمہارے پاس جتنی بھی نعمتیں ہیں سب اسی کی دی ہوئی ہیں، اب بھی جب تمہیں کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِذَا | اِ ذَ ا | جب | | |
| | مَسَّكُمُ | مَس سَ کُ مُ | تمہیں پہنچتی ہے | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَسَاس کرنا |
| | الضُّرُّ | ض ضُ رُ | تکلیف | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجِدِ ضرار |
| | فَاِلَيۡهِ | فَ اِ لَا ئِ ہِ | تو اُسی کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | تَجۡـَٔـرُوۡنَ ۚ﴿۵۳﴾ | تَ جۡ ءَ رُ وۡ نَ | تم آہ وزاری کرتے ہو | ج ء ر | |
| ۵۴ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِذَا | اِ ذَ ا | جب | | |
| | كَشَفَ | کَ شَ فَ | وہ ہٹا دیتا ہے | ك ش ف | مُنکَشِف ہونا، صاحِبِ کَشف، کاشِف |
| | الضُّرَّ | ض ضُ رَ | تکلیف | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجِدِ ضرار |
| | عَنۡكُمۡ | عَنۡ کُ مۡ | تم سے | | |
| | اِذَا | اِ ذَ ا | تو اُسی وقت | | |
| | فَرِيۡقٌ | فَ رِیۡ قُ | ایک فریق | ف ر ق | فَرق، فَرِیق، فِرقہ، مُتفَرِّق |

اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيۡهِ تَجۡـَٔـرُوۡنَ ۚ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنۡكُمۡ اِذَا فَرِيۡقٌ

مصیبت پیش آجائے تو اسی کی طرف نالہ وفریاد کرتے ہو ﴿۵۳﴾ اور جہاں اس نے وہ مصیبت تم سے دفع کردی تم میں سے کچھ لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنۡكُمۡ | م مِنۡ کُ مۡ | تم میں سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | بِرَبِّهِمۡ | بِ رَب بِ ہِمۡ | اپنے رب کے ساتھ | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | يُشۡرِكُوۡنَ ۙ﴿۵۴﴾ | يُشۡ رِ كُوۡ نَ | شریک ٹھہرانے لگ جاتا ہے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَکاء |
| ۵۵ | لِيَكۡفُرُوۡا | لِ یَ کۡ فُ رُوۡ | تاکہ وہ ناشکری کریں | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | بِمَاۤ | بِ مَا.. | ان (نعمتوں) کی جو | | مَاشَاءَاللہ، مافوقَ الفِطرت، ماتحت |
| | اٰتَيۡنٰهُمۡ ؕ | آ تَا ئِ نَا ہُمۡ | ہم نے انہیں دیں | ء ت ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَتَمَتَّعُوْا قف | فَ تَ مَت تَ عُوْ | سوتم فائدہ اُٹھالو | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عزیز، مَتاعِ دُنیا، مَتاعِ آخرت |
| | فَسَوْفَ | فَ سَاؤ فَ | اور جلد ہی | | |

مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۙ﴿٥٤﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ

اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگ جاتے ہیں ﴿۵۴﴾ کہ ہماری دی ہوئی نعمتوں کی ناشکری کریں، اچھا کچھ فائدہ اٹھالو آخر کار تمہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ | تَ عْ لَ مُوْ ن | تم جان لوگے (انجام) | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| ۵۶ | وَيَجْعَلُوْنَ | وَ یَ جْ عَ لُوْ ن | اور وہ ٹھہراتے ہیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لِمَا | لِ مَا | ان (معبودوں) کے لئے جن کے متعلق | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | لَا يَعْلَمُوْنَ | لَا یَ عْ لَ مُوْ ن | وہ نہیں جانتے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| | نَصِيْبًا | نَ صِیْ بً | ایک حصہ | ن ص ب | نَصیب اَپنا اَپنا، ہمارا نَصیب، صَاحبِ نَصیب، خُوش نَصیب |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | اس میں سے جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | رَزَقْنٰهُمْ ط | رَ زَ قْ نَا هُمْ | ہم نے انہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | تَاللّٰهِ | تَل لَا هِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَتُسْئَلُنَّ | لَ تُسْ ءَ لُن نَ | یقیناً تم سے ضرور پوچھا جائیگا | س ء ل | سُوال، مَسئلہ، مَسئُول، سَائل |

تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ

معلوم ہو ہی جائے گا ﴿۵۵﴾ اور جسے جانتے بوجھتے بھی نہیں اس کا حصہ ہماری دی ہوئی روزی میں سے مقرر کرتے ہیں، واللہ! تمہارے اس بہتان کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَمَّا | عَم مَا | اس کے متعلق جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كُنْتُمْ | کُن تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٦﴾ | تَفْ تَ رُوْ ن | (اللہ پر) جھوٹ باندھتے | ف ت ر | مُفتَری (بہتان طراز)، اِفتراء پردازی، کِذب و اِفتراء، مُفتَری لوگ |
| ۵۷ | وَيَجْعَلُوْنَ | وَ یَ جْ عَ لُوْ ن | اور وہ ٹھہراتے ہیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا هِ | اللہ کے لئے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْبَنٰتِ | لْ بَ نَا تِ | بیٹیاں | ب ن و | اِبن، بَنَات، مَدرَسۃُ البَنَات (گرلز سکول) |
| | سُبْحٰنَهٗ ۙ | سُبْ حَا نَ ہُوْ | وہ پاک ہے (اولاد سے) | س ب ح | سُبحَانَ اللہ، تَسبِیح و تَحمِید |
| | وَلَهُمْ | وَ لَ ہُمْ | اور ان کے لئے | | |
| | مَّا | مَا | وہ ہے جو | | مَاحول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |

عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا

سوال تم سے ضرور ہی کیا جائے گا ﴿۵۶﴾ اور وہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے لئے لڑکیاں مقرر کرتے ہیں اور اپنے لئے وہ جو اپنی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ | یَشْ تَ ہُوْ نَ | وہ چاہتے ہیں (یعنی بیٹے) | ش ہ و | شَہوَت رَانی، قُوَّتِ اِشتِہَاء |
| ۵۸ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | |
| | بُشِّرَ | بُشْ شِ رَ | خوشخبری دی جاتی ہے | ب ش ر | بَشَارَت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | اَحَدُهُمْ | اَ حَ دُ ہُمْ | ان میں سے (کسی) ایک کو | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، اَحَد |
| | بِالْاُنْثٰى | بِلْ اُنْ ثَا | بیٹی (کی پیدائش) کی | ء ن ث | مُؤَنَّث مُذَکَّر، تَانِیث و تَذکِیر |
| | ظَلَّ | ظَلْ لَ | تو ہوجاتا ہے | ظ ل ل | ظِلِّ اِلٰہی، ظِلِّ ہُما، ظِلِّ سُلمانی |
| | وَجْهُهٗ | وَجْ ہُ ہُوْ | اس کا چہرہ | و ج ہ | وَجہ، وُجُوہ، وَجَاہَت، مُتَوَجِّہ، تَوَجُّہ |
| | مُسْوَدًّا | مُسْ وَدْ دَا وُّ | سیاہ | س و د | حَجرِ اَسوَد، اَسوَد (سیاہ رنگ) |
| | وَّهُوَ | وَ ہُ وَ | جبکہ وہ | | |

يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ

خواہش کے مطابق ہو ﴿۵۷﴾ ان میں سے جب کسی کو لڑکی ہونے کی خبر دی جائے تو اس کا چہرہ سیاہ ہوجاتا ہے اور دل ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ ج | کَ ظِیْ مْ | غم و غصہ سے بھرا ہوتا ہے | ك ظ م | حضرت موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ، کاظم علی |
| ۵۹ | يَتَوَارٰى | یَ تَ وَا رَا | وہ چھپتا پھرتا ہے | و ر ی | مَاوراءُالنَّہر، مَاورائے آئین، مَاورائے عدالت |
| | مِنَ الْقَوْمِ | مِ نَلْ قَا وْ مِ | لوگوں سے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ سُوْٓءِ | مِنْ سُوْ...ءِ | اس عار کی وجہ سے | س و ء | عُلمَاءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | مَا | مَا | جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجِرَہ |
| | بُشِّرَ | بُش شِ رَ | اسے خوشخبری دی گئی | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | بِهٖ ط | بِ ہٖ | اس کے ساتھ | | |
| | اَيُمْسِكُهٗ | اَ یُ مْ سِ کُ ہُوْ | کیا وہ اسے روک (باقی) رکھے | م س ك | مُمسِک، اِمسَاک (روکنا) تَمَسُّک بِاللہ |
| | عَلٰى هُوْنٍ | عَ لَا ہُوْ نِنْ | ذلت کے باوجود | ه و ن | تَوہِین، اِہَانَت آمیز سُلُوک |
| | اَمْ | اَمْ | یا | | |

كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ط اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ

دل میں گھٹنے لگتا ہے ﴿۵۸﴾ اس بُری خبر کی وجہ سے لوگوں سے چھپا چھپا پھرتا ہے، سوچتا ہے کہ کیا اس کو ذلّت کے ساتھ لئے ہوئے ہی رہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَدُسُّهٗ | یَ دُ س سُ ہُوْ | اسے گاڑ (دبا) دے | د س س | |
| | فِى التُّرَابِ ط | فِت تُ رَا ب | مٹی میں؟ | ت ر ب | تُربَت، تُربِ ہِندی (ہندی مٹی) اَبوتُراب (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت) |
| | اَلَا | اَ لَا | آگاہ رہو! | | |
| | سَآءَ | سَا...ءَ | بہت ہی برا ہے | س و ء | عُلمَاءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | مَا | مَا | جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجِرَہ |
| | يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ | یَ حْ کُ مُوْ نَ | وہ فیصلہ کرتے ہیں | ح ك م | حُکّام، مَحکَمۂ عَدل، حَاکِم، حَکَم، تَحَکُّم |
| ۶۰ | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے لئے جو | | |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا یُ x مِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن وامَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | بِالْاٰخِرَةِ | بِلْ آ خِ رَ ۃِ | آخرت پر | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |

يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ط اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

یا اسے مٹی میں دبا دے، آہ! کیا ہی بُرے فیصلے کرتے ہیں؟ ﴿۵۹﴾ آخرت پر ایمان نہ رکھنے والوں کی ہی بُری مثال ہے، اللہ تعالیٰ کیلئے تو بہت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَثَلُ | مَ ثَ لُ | مثال ہے | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تَمثِیل |
| | السَّوْءِ ج | س سَوْ ء | بُری | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِظن |
| | وَلِلّٰهِ | وَ لِل لَا هِ | اور اللہ کے لئے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالَمین |
| | الْمَثَلُ | لْ مَ ثَ لُ | مثال ہے | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تَمثِیل |
| | الْاَعْلٰى ط | لْ اَ عْ لَا | سب سے اعلیٰ | ع ل و | اللہ تعالیٰ، عُلُوّ، عالی شان، اَعلیٰ و ارفع |
| | وَهُوَ | وَ هُ وَ | اور وہ | | قَول و قَرار، حُزن و مَلال، غَم و حُزن |
| | الْعَزِيْزُ | لْ عَ زِ ىْ زُ | بڑا غالب | ع ز ز | اَلْعَزِیز (غالِب، اللہ کا صِفاتی نام) |
| | الْحَكِيْمُ ع ۶۰ | لْ حَ كِ ىْ م | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حَکِیم، حِکمت و دانائی، حُکَماء |
| ۶۱ | وَلَوْ | وَ لَا وْ | اور اگر | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | يُؤَاخِذُ | ىُ آ خِ ذُ | پکڑتا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا۔ |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالَمین |

مَثَلُ السَّوْءِ ج وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ع ۝٦٠ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ

ہی بلند صفت ہے، وہ بڑا ہی غالب اور باحکمت ہے ۶۰ اگر لوگوں کے گناہ پر اللہ تعالیٰ ان کی گرفت کرتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّاسَ | ن نَا سَ | لوگوں کو | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | بِظُلْمِهِمْ | بِ ظُلْ مِ ہِمْ | ان کے ظلم (کرنے) کی وجہ سے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظالِمین |
| | مَّا تَرَكَ | مَا تَ رَ کَ | تو وہ نہ چھوڑتا | ت ر ك | تارِک، مَتروک، تَرکہ، مالِ متروکہ |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ىْ هَا | اس (زمین) پر | | عَلیٰ وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | مِنْ دَآبَّةٍ | مِنْ دَا بْ بَ تِنْ | کوئی چلنے والا (جاندار) | د ب ب | دَابّۃُ الْاَرض، دَبِیبُ الْاَرض (زمین پر رینگنے والا جانور) |
| | وَّلٰكِنْ | وَ لَا كِنْ | اور لیکن | | |
| | يُّؤَخِّرُهُمْ | ىُ ءَ خْ خِ رُ هُمْ | وہ انہیں مہلت دیتا ہے | ء خ ر | مُؤخّر، تاخیر، مُتاَخّرین و مُستقدِمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰٓى اَجَلٍ | اِلَا.. اَ جَ لِ | ایک وقت تک | ء ج ل | اَجل، آجال، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل |

النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ

تو روئے زمین پر ایک بھی جاندار باقی نہ رہتا، لیکن وہ تو انہیں ایک وقت مقرر تک ڈھیل دیتا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّسَمًّى ج | م مُ سَم مَا | مقرر | س م و | وجہ تسمیہ، اِسم بامُسمّٰی، مُسمّاۃ، اِسم گرامی |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | جَآءَ | جَا... ءَ | آجاتا ہے | ج ی ء | |
| | اَجَلُهُمْ | اَ جَ لُ ہُم | ان کا (مقرر) وقت | ء ج ل | اَجل، آجال، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل |
| | لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ | لَا يَسْ تَ x خِ رُوْ نَ | تو وہ پیچھے نہیں رہ سکتے | ء خ ر | مؤخّر، تاخیر، متأخّرین و مُستقدِمین |
| | سَاعَةً | سَا عَ تَا ؤں | لمحہ بھر | س و ع | یومُ السّاعۃ (قیامت کا دن)، ساعتِ کبریٰ، ساعات |
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب، لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝٦١ | يَس تَ قْ دِ مُوْ نَ | وہ آگے ہی بڑھ سکتے ہیں (اس وقت سے) | ق د م | قدم، اقدام، مقدّم، خیر مقدم |

مُّسَمًّى ج فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝٦١

جب ان کا وہ وقت آجاتا ہے تو وہ ایک ساعت نہ پیچھے رہ سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں ۝٦١

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۲ | وَيَجْعَلُوْنَ | وَ يَ جْ عَ لُوْ نَ | اور وہ ٹھہراتے ہیں | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا هِ | اللہ کے لئے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | مَا | مَا | وہ چیز کہ | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | يَكْرَهُوْنَ | يَ كْ رَ ہُوْ نَ | وہ (خود اسے) ناپسند کرتے ہیں | ک ر ہ | کراہت، مکروہ، مکروہ تحریمی |
| | وَتَصِفُ | وَ تَ صِ فُ | اور بیان کرتی ہیں | و ص ف | وَصف، اوصاف، توصیف |
| | اَلْسِنَتُهُمْ | اَلْ سِ نَ تُ ہُم | ان کی زبانیں | ل س ن | لسانی گروہ، لسانیات، لسانی فسادات |
| | الْكَذِبَ | اَلْ كَ ذِ بَ | جھوٹ | ک ذ ب | کذب، تکذیب، کاذب، کذّاب، مسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنَّ | اَ ن نَ | کہ بے شک | | |
| | لَهُمُ | لَ هُمُ | ان کے لئے | | |
| | الْحُسْنٰى ط | لْ حُسْ نَا | اچھا (انجام) ہے | ح س ن | حسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ط

اور وہ اپنے لئے جو ناپسند رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ کیلئے ثابت کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹی باتیں بیان کرتی ہیں کہ ان کیلئے خوبی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا جَرَمَ | لَا جَ رَ مَ | یقیناً (نہیں کوئی شک) | ج ر م | |
| | اَنَّ | اَ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | لَهُمُ | لَ هُمُ | ان کے لئے | | |
| | النَّارَ | نْ نَا رَ | آگ ہے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | وَاَنَّهُمْ | وَ اَ ن نَ هُمْ | اور بلاشبہ وہ | | سیروسیاحت، علم وحکمت، شب و روز |
| | مُّفْرَطُوْنَ ۝٦٢ | مُفْ رَ طُوْ نَ | (اس میں) سب سے آگے بھیجے جائیں گے | ف ر ط | اِفراط وتفریط، فرطِ مسرت |
| ٦٣ | تَاللّٰهِ | تَ لْ لَا هِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | اَرْسَلْنَآ | اَ رْ سَلْ نَا.. | ہم نے (رسول) بھیجے | ر س ل | رسول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ محمدیہ |
| | اِلٰٓى اُمَمٍ | اِلَا.. اُ مَ مِ | امتوں کی طرف | ء م م | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ، اُمّت، اُمّتِ مُسلِمہ، اُمَمِ سابقہ |

لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ۝٦٢ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ

نہیں نہیں، دراصل ان کے لئے آگ ہے اور یہ دوزخیوں کے پیش رو ہیں ۝٦٢ واللہ! ہم نے تجھ سے پہلے کی اُمتوں کی طرف بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ قَبْلِكَ | مِنْ قَبْ لِ كَ | آپ سے پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل اَز نماز، قبل اَز طعام |
| | فَزَيَّنَ | فَ زَ ائِ یَ نَ | پھر بنا سنوار دیئے | ز ی ن | زَینُ العابدین، مُزیّن، زینت، تزئین وآرائش |
| | لَهُمُ | لَ هُمُ | ان کے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الشَّيْطٰنُ | ش شَائِ طَانُ | شیطان نے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | اَعْمَالَهُمْ | اَعْ مَا لَ هُمْ | ان کے اعمال | ع م ل | عمل، اَعمال، عامل، معمول |
| | فَهُوَ | فَ هُ وَ | سووہ (شیطان) | | |
| | وَلِيُّهُمُ | وَلِيْ يُ هُمُ | ان کا دوست ہے | و ل ی | وَلی اللہ، وَلایت، اَولیاءِ کرام |
| | الْيَوْمَ | لْ يَا ؤمَ | آج بھی | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | وَلَهُمْ | وَلَ هُمْ | اور ان کے لئے | | |

مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ

اپنے رسول بھیجے لیکن شیطان نے انکے اعمال بد ان کی نگاہوں میں آراستہ کر دیئے، وہ شیطان آج بھی ان کا رفیق بنا ہوا ہے اور ان کے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُ نْ | عذاب ہے | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جہنّم عذابِ آخرت |
| | اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ | اَلِيْ م | بہت دردناک | ء ل م | اَلمناک حادِثہ، رنج واَلم |
| ٦٤ | وَمَآ اَنْزَلْنَا | وَ مَا.. اَنْ زَلْ نَا | اور ہم نے نازل نہیں کی | ن ز ل | نازل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا يْ كَ | آپ پر | | علیٰ وجہِ البصیرت، علی الاعلان |
| | الْكِتٰبَ | لْ كِ تَا بَ | یہ کتاب (قرآن) | ك ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | لِتُبَيِّنَ | لِ تُ بَا يْ يِ نَ | تاکہ آپ بیان کریں | ب ی ن | بیان، مُبَیِّنہ طور پر، دَلیلِ بَیّن |
| | لَهُمُ | لَ هُمُ | ان کے لئے | | |
| | الَّذِي | ل لَ ذِ | وہ چیز کہ | | |
| | اخْتَلَفُوْا | خْ تَ لَ فُوْ | انہوں نے اختلاف کیا | خ ل ف | اِختلاف، مُختلف ہونا، مُخالفت |

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا

دردناک عذاب ہے ﴿٦٣﴾ اس کتاب کو ہم نے آپ پر اس لئے اتارا ہے کہ آپ ان کیلئے ہر اس چیز کو واضح کر دیں جس میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهِ ۙ | فِ یْ ہِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | وَهُدًى | وَ ہُ دَ اؤں | اور (تا کہ ہو) ہدایت | ھ د ی | ہَادِیِ عَالَم، ہَادِیِ بَرحَق، ہِدَایت |
| | وَّرَحْمَةً | وَ رَ حْ مَ تَ | اور رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم وکَرم |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِیں | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ | یُ x مِ نُوْ نَ | جو ایمان لاتے ہیں | ء م ن | اَمن واَمان، مُومِن، اِیمَان |
| ٦٥ | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا ہُ | اور اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اَنْزَلَ | اَ نْ زَ لَ | نازل کیا | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِ نَسْ سَ مَا...ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَمَاء |
| | مَآءً | مَا...ءَ نْ | پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد |

فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

وہ اختلاف کر رہے ہیں اور یہ ایمان داروں کے لئے رہنمائی اور رحمت ہے ﴿٦٤﴾ اور اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برسا کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَحْيَا | فَ اَ حْ یَا | پھر اس نے زندہ کیا | ح ی ی | حَیّ وقَیُّوم، مُحیُ الدِّین، حَیَات جَاوِدَاں، اِحیَائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |
| | بِهِ | بِ ہِ | اس کے ساتھ | | |
| | الْاَرْضَ | لْ اَ رْ ضَ | زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَمَاء، کُرۂ اَرض، اَرضِ مُقدس |
| | بَعْدَ | بَ عْ دَ | کے بعد | ب ع د | بَعد اَزاں، بَعد اِس کے |
| | مَوْتِهَا ؕ | مَا وْ تِ ہَا | اس کی موت | م و ت | مَوت، اَموَات، حَیَات ومَمَات |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِیْ ذَا لِ کَ | اس میں | | فِی سَبِیلِ اللہ، فِی الفَور |
| | لَاٰيَةً | لَ آ یَ تَ | یقیناً بڑی نشانی ہے | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِیں | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ ع | يَس مَ عُو نَ | جو (غور سے) سنتے ہیں | س م ع | سَامِع، مَسْمُوع، قُوَّت سَمَاعت، سَمع وبَصر |

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ ع

اس سے زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کردیتا ہے، یقیناً اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سنیں ﴿٦٥﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٦ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | فِي الْاَنْعَامِ | فِلْ اَنْ عَامِ | چوپایوں میں | ن ع م | عَوَام کَالاَنعَام، سُورَۃُ الاَنعَام |
| | لَعِبْرَةً ؕ | لَ عِبْ رَہْ | یقیناً غور وفکر کا سامان ہے | ع ب ر | سَامَانِ عِبرَت، نِشَانِ عِبرَت، عَقلمَندوں کیلئے عِبرَت، عِبرَتنَاک |
| | نُسْقِيْكُمْ | نُسْ قِيْ کُ مْ | ہم تمہیں پلاتے ہیں | س ق ی | سَاقی، نَمازِ اِستِسقَاء، سَاقِیٔ کَوثَر |
| | مِّمَّا | مِم مَا | ان چیزوں میں سے جو | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | فِيْ بُطُوْنِهٖ | فِيْ بُ طُو نِ هِيْ | ان کے پیٹوں میں ہیں | ب ط ن | بَطنِ وَادی، بَطنِ مَریَم، بَطنِ مَادر |
| | مِنْۢ بَيْنِ | مِمْ بَائِ نِ | درمیان سے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | فَرْثٍ | فَ رْثِ اُوْں | (یعنی) گوبر کے | ف ر ث | |

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ

تمہارے لئے تو چوپایوں میں بھی بڑی عبرت ہے کہ ہم تمہیں اس کے پیٹ میں جو کچھ ہے اسی میں سے گوبر اور لہو کے درمیان سے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّدَمٍ | وَ دَمِ | اور خون کے (درمیان سے) | د م و | دَمِ مَسفُوح، دَمِ حَلال وحَرام عُمرہ وحج میں دَم |
| | لَّبَنًا | ل لَ بَ نَنْ | دودھ | ل ب ن | لَبَنِ خَالِص (خالص دُودھ)، لُبنٰی (نام) |
| | خَالِصًا | خَا لِ صَنْ | خالص | خ ل ص | خَالِص، اِخلَاص، مُخلِص، خُلُوص |
| | سَآئِغًا | سَا...ءِ غَ | حلق سے آسانی سے اتر جانے والا ہے | س و غ | |
| | لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ | ل لِش شَا رِ بِيْ ن | پینے والوں کے لئے | ش ر ب | شَربت، مَشرُوب، شَراب |
| ٦٧ | وَمِنْ | وَ مِ نْ | اور سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثَمَرٰتِ | ثَ مَ رَا تِ | کچھ پھلوں میں | ث م ر | ثمرات، ثمر بار، مُثمِر، ثمرہ |
| | النَّخِيْلِ | ن نَ خِیْ لِ | کھجوروں | ن خ ل | نخل، نخلستان، نخلِ مرقد (قبر پر کھجور) |
| | وَالْاَعْنَابِ | وَلْ اَعْ نَا بِ | اور انگوروں کے (وہ پھل ہیں کہ) | ع ن ب | عِنَب (انگور)، اَعناب |

وَّ دَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ

خالص دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لئے سہتا پچتا ہے ﴿٦٦﴾ اور کھجور اور انگور کے درختوں کے پھلوں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَتَّخِذُوْنَ | تَت تَ خِ ذُوْ نَ | تم بناتے ہو | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخذہ کرنا، |
| | مِنْهُ | مِنْ هُ | اس سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | سَكَرًا | سَ کَ رَاؤں | نشہ (آور شراب) | س ك ر | سَکراتُ الموت (موت کی بے ہوشی) سُکر (نشہ) |
| | وَّرِزْقًا | وَرِزْ قَنْ | اور رزق | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | حَسَنًا ط | حَ سَ نَا | اچھا | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِیْ ذَا لِ کَ | اس میں | | فِی سَبِیلِ اللہ، فِی الفور |
| | لَاٰيَةً | لَ آ یَ تَ | یقیناً بڑی نشانی ہے | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِنْ | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | يَّعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ | یَ عْ قِ لُوْ نَ | جو عقل رکھتے ہیں | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عُقیل |

تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾

تم شراب بنا لیتے ہو اور عمدہ روزی بھی جو لوگ عقل رکھتے ہیں ان کے لئے تو اس میں بہت بڑی نشانی ہے ﴿٦٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٨ | وَاَوْحٰى | وَ آ وْ حَا | اور الہام کیا | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | رَبُّكَ | رَب بُ کَ | آپ کے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | اِلَى النَّحْلِ | اِلَن نَ حْ لِ | شہد کی مکھی کو | ن ح ل | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ، اَلنَّحل (شہد کی مکھی)، سُورۃُ النَّحل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنِ اتَّخِذِیۡ | اَ نِت تَ خِ ذِ یۡ | یہ کہ تو بنا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | مِنَ الۡجِبَالِ | مِ نَلۡ جِ بَا لِ | پہاڑوں میں | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمت |
| | بُیُوۡتًا | بُ یُوۡ تَا ؤں | گھر | ب ی ت | بَیتُ اللہ، بَیتُ العِزّت بَیتُ المُقدس، بَیتُ المَعمُور |
| | وَّمِنَ الشَّجَرِ | وَ مِ نَش شَ جَ رِ | اور درختوں میں | ش ج ر | شَجَر و حَجَر، اَشجَار، شَجَرہ مُبارکہ |
| | وَمِمَّا | وَ مِم مَا | اور ان میں جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |

وَ اَوۡحٰی رَبُّکَ اِلَی النَّحۡلِ اَنِ اتَّخِذِیۡ مِنَ الۡجِبَالِ بُیُوۡتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا

آپکے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ تُو پہاڑوں میں گھر بنا (یعنی چھتے لگا) اور درختوں میں (اِن چھپروں میں) جن پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یَعۡرِشُوۡنَ ﴿۶۸﴾ | یَ عۡ رِ شُوۡ نَ | لوگ (بلند) چھتریاں بناتے ہیں | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ مُعَلّٰی، عَرشِ بَریں |
| ۶۹ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | کُلِیۡ | کُ لِیۡ | تو کھا (یعنی رس چوس) | ء ك ل | اَکلِ حلال، اَکل و شُرب |
| | مِنۡ کُلِّ | مِنۡ کُل لِ | ہر قسم کے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | الثَّمَرٰتِ | ث ثَ مَ رَا تِ | پھلوں سے | ث م ر | ثَمرات، ثَمر بار، مُثمِر، ثَمرہ |
| | فَاسۡلُکِیۡ | فَسۡ لُ کِیۡ | پھر تو چل | س ل ك | سَالِک (چلنے والا)، سُلُوک، مَسلَک |
| | سُبُلَ | سُ بُ لَ | راستوں پر | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | رَبِّكِ | رَب بِ كِ | اپنے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | ذُلُلًا ؕ | ذُ لُ لَا | آسان کیے ہوئے | ذ ل ل | |
| | یَخۡرُجُ | یَ خۡ رُ جُ | نکلتی ہے | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |

یَعۡرِشُوۡنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ کُلِیۡ مِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسۡلُکِیۡ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ یَخۡرُجُ

(لوگ) بیلیں چڑھاتے ہیں اپنے گھر (چھتے) بنا ﴿۶۸﴾ اور ہر طرح کے میوے کھا اور اپنے رب کی آسان راہوں میں چلتی پھرتی رہ، انکے پیٹ سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنۡۢ بُطُوۡنِهَا | مِم بُ طُوۡ نِ هَا | ان کے پیٹوں سے | ب ط ن | بَطنِ وَادی، بَطنِ مریم، بَطنِ مَادر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَرَابٌ | شَ رَا بُ | پینے کی چیز (شہد) | ش ر ب | شَربت، مَشروب، شَراب |
| | مُّخْتَلِفٌ | م مُ خْ تَ لِ فُنْ | مختلف ہیں | خ ل ف | مُختَلِف اَقسام، مُختَلِف اَشیاء |
| | اَلْوَانُهٗ | اَلْ وَا نُ ہُوْ | اس کے رنگ | ل و ن | لَونِ اَبیَض (سفید رنگ)، اَلوَان لَونِ اَسوَد (سیاہ رنگ) |
| | فِيْهِ | فِيْ ہِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | شِفَآءٌ | شِ فَا...ءُ | عظیم شفا ہے | ش ف ی | شَافِی (شِفَا دینے والا اللہ ہی) شِفَا عَطا فرمانا، شَافِی کَافِی |
| | لِّلنَّاسِ ط | ل لِن نَا س | لوگوں کے لئے | ن و س | خَیرُ النَّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِيْ ذَا لِ کَ | اس میں | | فِی سَبِیلِ اللہ، فِی الفَور |
| | لَاٰيَةً | لَ آ یَ تَ | یقیناً عظیم نشانی ہے | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |

مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

رنگ برنگ کا مشروب نکلتا ہے، جس کے رنگ مختلف ہیں اور جس میں لوگوں کے لئے شفا ہے غور و فکر کرنے والوں کے لئے اس میں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِیں | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٦٩﴾ | یَ تَ فَ کْ کَ رُوْ نَ | جو غور و فکر کرتے ہیں | ف ك ر | فِکرِ آخرت، تَفَکُّر، تَفَکُّرَات، مُفَکِّر |
| ٧٠ | وَاللّٰهُ | وَل لَا هُ | اور اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | خَلَقَكُمْ | خَ لَ قَ کُ مْ | تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | يَتَوَفّٰىكُمْ قف | یَ تَ وَفْ فَا کُ مْ | وہ تمہیں وفات دیتا ہے | و ف ی | وَفات، فوت ہونا، مُتَوَفّٰی مُتَوَفِّیہ (فوت شدہ) |
| | وَمِنْكُمْ | وَ مِنْ کُ مْ | اور تم میں سے بعض | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | مَّنْ | مَا ئِیْں | وہ ہیں جو | | |
| | يُّرَدُّ | یُ رَ د دُ | لوٹائے جاتے ہیں | ر د د | رَدّ کرنا، تَردِید کرنا، رَدِّ کُفر، مَردُود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰٓى | اِ لَا ٓ.. | کی طرف | | رُجوعِ اِلی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ۝٦٩ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمۡ ثُمَّ يَتَوَفّٰكُمۡ ۚ قف وَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّرَدُّ اِلٰٓى

بہت بڑی نشانی ہے ۝٦٩ اللہ تعالیٰ نے ہی تم سب کو پیدا کیا ہے وہی پھر تمہیں فوت کرے گا، تم میں ایسے بھی ہیں جو بدترین عمر کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَرۡذَلِ | اَ رۡ ذَ لِ | نہایت ناکارہ | ر ذ ل | رَذِیل اِنسان، رَذِیلُ الۡعُمُر آدمی |
| | الۡعُمُرِ | لۡ عُ مُ رِ | عمر | ع م ر | عُمر، عُمریں، زائدُالعمر، عُمر بھر |
| | لِكَيۡ | لِ کَا ئِیۡ | تاکہ | | |
| | لَا يَعۡلَمَ | لَا یَ عۡ لَ مَ | وہ نہ جانے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | بَعۡدَ عِلۡمٍ | بَ عۡ دَ عِ لۡ مِنۡ | جان لینے کے بعد | ب ع د<br>ع ل م | بَعد از اں، بَعد اِس کے<br>عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | شَيۡـًٔا ؕ | شَا ئِ ءۡ آ | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضُروریہ<br>شَیئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| | اِنَّ | اِنۡ نَ | بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | عَلِيۡمٌ | عَ لِیۡ مُنۡ | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | قَدِيۡرٌ ۝٧٠ ع | قَ دِیۡ رۡ | نہایت قدرت والا ہے | ق د ر | قادِر، قُدرَت، مُقتدر، قَدِیر |
| ٧١ | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا ہُ | اور اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |

اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ لِكَيۡ لَا يَعۡلَمَ بَعۡدَ عِلۡمٍ شَيۡـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ ۝٧٠ ع وَاللّٰهُ

لوٹائے جاتے ہیں کہ بہت کچھ جاننے بوجھنے کے بعد بھی نہ جانیں، بے شک اللہ تعالیٰ دانا اور توانا ہے ۝٧٠ اللہ تعالیٰ ہی نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَضَّلَ | فَضۡ ضَ لَ | فضیلت دی ہے | ف ض ل | فَضل، فَضِیلَت، اَفضَل، فَضائل |
| | بَعۡضَكُمۡ | بَ عۡ ضَ کُ مۡ | تمہارے بعض کو | ب ع ض | بَعض لوگ، بَعضُ النّاس، بَعض اَشیاء |
| | عَلٰى بَعۡضٍ | عَ لَا بَ عۡ ضِنۡ | بعض پر | ب ع ض | بَعض لوگ، بَعضُ النّاس، بَعض اَشیاء |
| | فِى الرِّزۡقِ ۚ | فِ رۡ رِزۡ قِ | رزق میں | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمَا | فَ مَ | پھر نہیں ہیں | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہیں | | |
| | فُضِّلُوْا | فُضْ ضِ لُوْ | فضیلت دی گئی (رزق میں) | ف ض ل | فَضل، فَضِیلَت، اَفْضَل، فَضَائِل |
| | بِرَآدِّيْ | بِ رَا... دِ یْ | لوٹانے والے | ر د د | رَدّ کرنا، تَردِید کرنا، رَدِّ کُفر، مَردُود |
| | رِزْقِهِمْ | رِزْ قِ ہِمْ | اپنا رزق | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |

فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ

تم میں سے ایک کو دوسرے پر روزی میں زیادتی دے رکھی ہے، پس جنہیں زیادتی دی گئی ہے وہ اپنی روزی اپنے ماتحت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | ان (غلاموں) پر جن کے | | عَلٰی وَجْہِ البَصِیرَت، عَلَی الْاِعْلَان، مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَا جَرَہ |
| | مَلَكَتْ | مَ لَ کَتْ | مالک ہیں | م ل ك | مِلک، مَلکِیّت، اِملاک، مُلک، مَالِک |
| | اَيْمَانُهُمْ | اَ یْ مَا نُ ہُمْ | ان کے دائیں ہاتھ | ی م ن | یَمِین و یَسَار (دائیں بائیں)، مَیمَنَہ و مَیسَرہ |
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | کہ وہ (ہو جائیں) | | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس (رزق) میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | سَوَآءٌ ۭ | سَ وَا... ءٌ | (ایک دوسرے کے) برابر | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا)، مُسَاوات، مُسَاوِی |
| | اَفَبِنِعْمَةِ | اَ فَ بِ نِ عْ مَ تِ | کیا پھر نعمت کا | ن ع م | نِعمت، نِعمتیں، اِنعام، مُنعِم |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَجْحَدُوْنَ ۝٧١ | یَ جْ حَ دُوْ نَ | وہ انکار کرتے ہیں؟ | ج ح د | |

عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝٧١

غلاموں کو نہیں دیتے کہ وہ اور یہ اس میں برابر ہوجائیں، تو کیا یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے منکر ہو رہے ہیں؟ ۝٧١

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٢ | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | نے بنائیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ اَنْفُسِكُمْ | مِنْ اَنْ فُ سِ کُ مْ | تم ہی میں سے | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتنَفَّس |
| | اَزْوَاجًا | اَزْ وَا جَا ؤں | بیویاں | ز و ج | زَوجہ، زَوج، اَزوَاجِ مُطَہَّرَات |
| | وَّجَعَلَ | وَ جَ عَ لَ | اور اُس نے بنائے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقَابلہ، جَعلی کا غِذَات |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ | مِنْ اَزْ وَا جِ کُ مْ | تمہاری بیویوں سے | ز و ج | زَوجہ، زَوج، اَزوَاج مُطَہَّرَات |
| | بَنِيْنَ | بَ نِيْ نَ | بیٹے | ب ن و | اِبنِ سینَا، اَبنَاء، اَبنَائے مَدرَسہ، بَنُون |

**وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ**

اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تم میں سے ہی تمہاری بیویاں پیدا کیں اور تمہاری بیویوں سے تمہارے لئے تمہارے بیٹے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَحَفَدَةً | وَ حَ فَ دَ تَا ؤں | اور پوتے | ح ف د | حَفَدْ (واحد)، اَحفَاد (پوتے) |
| | وَّرَزَقَكُمْ | وَ رَ زَ قَ کُ مْ | اور اسی نے تمہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ | مِ نَ ط طَا ئِ يِ بَا ت | پاکیزہ (نفیس) چیزوں سے | ط ی ب | طَیِّب اَشیَاء، کَلمہ طَیِّبَہ، مَدِینہ طَیِّبَہ |
| | اَفَبِالْبَاطِلِ | اَ فَ بِلْ بَا طِ لِ | کیا پھر بھی باطل پر | ب ط ل | بَاطِل فِرقَہ، بَاطِل عَقِیدَہ، حَق وبَاطِل |
| | يُؤْمِنُوْنَ | يُ x مِ نُوْ نَ | وہ ایمان لاتے ہیں؟ | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | وَبِنِعْمَتِ | وَ بِ نِ عْ مَ تِ | اور نعمتوں کی | ن ع م | نِعمت، نِعمتیں، اِنعام، مُنعِم |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | هُمْ | هُ مْ | وہ | | |

**وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ**

اور پوتے پیدا کئے اور تمہیں اچھی اچھی چیزیں کھانے کو دیں، کیا پھر بھی لوگ باطل پر ایمان لائیں گے؟ اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَكْفُرُوْنَ ۟ۙ ﴿٧٢﴾ | يَ كْ فُ رُوْ نَ | ناشکری کرتے ہیں؟ | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٣ | وَيَعْبُدُوْنَ | وَ یَ عْ بُ دُوْ نَ | اور وہ عبادت کرتے ہیں | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عابِد، مَعبُود |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْنِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَا | مَا | ان کی کہ | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | لَا يَمْلِكُ | لَا یَ مْ لِ كُ | وہ اختیار نہیں رکھتے | م ل ك | مِلک، مَلکِیّت، اِملاک، مُلک |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | رِزْقًا | رِزْ قَ | کسی قسم کے رزق کا | ر ز ق | رزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | مِّنَ السَّمٰوٰتِ | م مِنَ س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |

يَكْفُرُوْنَ ۙ﴿٧٢﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ

ناشکری کریں گے؟ ﴿٧٢﴾ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں جو آسمانوں اور زمین سے انہیں کچھ بھی تو روزی نہیں دے سکتے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَرْضِ | اور زمین (سے) | ا ر ض | اَرض وسَماء، کُرہ ارض، ارضِ مُقدس |
| | شَيْـًٔا | شَائِ آ ؤں | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ شَئے، اَشیائے خُور دونوش |
| | وَّلَا | وَلَا | اور نہ | | لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعِلم، لَاجَواب |
| | يَسْتَطِيْعُوْنَ ۚ﴿٧٣﴾ | یَسْ تَ طِیْ عُوْن | وہ (اسکی) طاقت ہی رکھتے ہیں | ط و ع | اِستِطَاعت، مُستَطِیع، حَج کی اِستِطَاعت |
| ٧٤ | فَلَا تَضْرِبُوْا | فَ لَا تَ ضْ رِ بُوْ | لہٰذا تم مت بیان کرو | ض ر ب | ضَربُ الْمَثَل |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا ہِ | اللہ کے لئے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | الْاَمْثَالَ ؕ | اَلْ اَمْ ثَا لَ | مثالیں | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | اللّٰهَ | لِل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَالۡاَرۡضِ شَيۡـًٔا وَّلَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ ۝٧٣ فَلَا تَضۡرِبُوۡا لِلّٰهِ الۡاَمۡثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ

اور نہ کچھ قدرت رکھتے ہیں ۝٧٣ پس اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں مت بناؤ، اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَنۡتُمۡ | وَ اَ نۡ تُمۡ | اور تم | | |
| | لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝٧٤ | لَا تَ عۡ لَ مُوۡ نَ | نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| ٧٥ | ضَرَبَ | ضَ رَ بَ | بیان کی | ض ر ب | ضَربُ المَثَل |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مَثَلًا | مَ ثَ لَنۡ | ایک مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل |
| | عَبۡدًا | عَبۡ دَ | ایک غلام کی | ع ب د | عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | مَّمۡلُوۡكًا | مَمۡ لُوۡ كَ | کسی کی ملکیت | م ل ك | مِلک، مَلکِیّت، اِملاک، مُلک |
| | لَّا يَقۡدِرُ | ل لَا يَقۡ دِ رُ | کہ وہ قدرت نہیں رکھتا | ق د ر | قادِر، قُدرَت، مُقتَدِر، قَدِیر |
| | عَلٰى شَىۡءٍ | عَ لَا شَیۡ ءِ یۡ اُوۡں | کسی چیز پر | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضَرُوریہ، شَئے، اَشیائے خورد و نوش |

وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝٧٤ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبۡدًا مَّمۡلُوۡكًا لَّا يَقۡدِرُ عَلٰى شَىۡءٍ

اور تم نہیں جانتے ۝٧٤ اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملکیت کا، جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّمَنۡ | وَ مَ نۡ | اور (دوسرا) وہ شخص کہ | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | رَّزَقۡنٰهُ | رَ زَ قۡ نَا هُ | ہم نے اسے دیا | ر ز ق | رِزق، رازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | مِنَّا | مِن نَا | اپنی طرف سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | رِزۡقًا | رِزۡ قَنۡ | رزق | ر ز ق | رِزق، رازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | حَسَنًا | حَ سَ نَنۡ | اچھا | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |
| | فَهُوَ | فَ هُ وَ | تو وہ | | |
| | يُنۡفِقُ | يُنۡ فِ قُ | خرچ کرتا ہے | ن ف ق | اِنفاق فِی سَبِیلِ اللہ، نان و نفقہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهُ | مِ نْ هُ | اس میں سے | | مِن جانب، مِن حَیثُ القوم |
| | سِرًّا | سِرْ رَا ؤں | چھپا کر | س ر ر | پُراَسرار، اَسرار و رُموز |
| | وَّجَهْرًا ط | وَ جَ هْ رَا | اور ظاہر (بھی) | ج ھ ر | جہری نماز، جَاھِر، آمین بِالجَہر |
| | هَلْ | هَ لْ | کیا | | |
| | يَسْتَوٗنَ ط | يَسْ تَ وُوْ نَ | وہ برابر ہو سکتے ہیں؟ | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |

وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ط هَلْ يَسْتَوٗنَ ط

اور ایک اور شخص ہے جسے ہم نے اپنے پاس سے معقول روزی دے رکھی ہے، جس میں سے وہ چھپے کھلے خرچ کرتا ہے، کیا یہ سب برابر ہو سکتے ہیں؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْحَمْدُ | اَلْ حَ مْ دُ | تمام تعریف | ح م د | حمد و ثناء، حامد، محمود، محمّد |
| | لِلّٰهِ ط | لِلْ لَا هِ | اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | اَكْثَرُهُمْ | اَكْ ثَ رُ هُمْ | ان کے اکثر | ك ث ر | خیرِ کثیر، کَثرت، اَکثر، کثیر لوگ |
| | لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٧٥ | لَا يَ عْ لَ مُوْ نَ | نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلوم، علّامہ |
| ٧٦ | وَضَرَبَ | وَ ضَ رَ بَ | اور بیان کی | ض ر ب | ضَربُ المَثَل |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَثَلًا | مَ ثَ لَ | ایک (اور) مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تمثیل |
| | رَّجُلَيْنِ | رَ رَ جُ لَا يْ نِ | دو مردوں کی | ر ج ل | اَسماءُ الرِّجال کی کُتُب، رِجال کشی قَحطُ الرِّجال |
| | اَحَدُهُمَا | اَ حَ دُ هُ مَا.. | ایک ان میں سے | ء ح د | اَحد، وَاحِد، مُوَحِّد، توحید |

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ط بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٧٥ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ

اللہ تعالیٰ ہی کے لئے سب تعریف ہے، بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے ۝٧٥ اللہ تعالیٰ ایک اور مثال بیان فرماتا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبْكَمُ | اَبْ كَ مُ | گونگا ہے | | اَبکَم (گونگا/واحد)، بُکم (گونگا/جمع) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يَقْدِرُ | لَا یَ قْ دِ رُ | وہ قدرت نہیں رکھتا | ق د ر | قادِر، قُدرَت، مُقتدر، قَدِیر |
| | عَلٰی شَیْءٍ | عَ لَا شَ ئِ ءِ یْ اُوں | کسی چیز پر | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَرُوریہ، شَیئے، اَشیائے خُوردونوش |
| | وَّهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | |
| | كَلٌّ | کَل لُنْ | (نرا) بوجھ ہے | ك ل ل | |
| | عَلٰی مَوْلٰهُ ۙ | عَ لَا مَ ؤْ لَا ہُ | اپنے مالک پر | و ل ی | وَلِی، مَولیٰ، وَلِیُ اللہ، اَولیاءِ کرام |
| | اَيْنَمَا | اَ ئِیْ نَ مَا | جہاں کہیں | | |
| | يُوَجِّهْهُّ | یُ وَ جْ جِ ہْ ہُ | وہ اسے بھیجتا ہے | و ج ه | وَجہ، وُجُوہ، عَلیٰ وَجہِ البَصِیرت، تَوَجُّہ |
| | لَا يَاْتِ | لَا یَ x تِ | وہ کوئی نہیں لاتا | ء ت ی | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |

اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ

دو شخصوں کی، جن میں سے ایک تو گونگا ہے اور کسی چیز پر اختیار نہیں رکھتا، بلکہ وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے کہیں بھی اسے بھیجے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِخَيْرٍ ؕ | بِ خَ ئِیْ رْ | بھلائی | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیروشَر، خَیروبَرَکت |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا | | |
| | يَسْتَوِيْ | یَسْ تَ وِیْ | برابر ہے | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |
| | هُوَ ۙ | ہُ وَ | وہ | | |
| | وَمَنْ | وَ مَ نْ | اور (دوسرا) وہ شخص جو | | سَیروسَیاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز |
| | يَّاْمُرُ | یَ x مُ رُ | حکم دیتا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | بِالْعَدْلِ ۙ | بِلْ عَ دْ لِ | عدل وانصاف کے ساتھ | ع د ل | عادِل، عَدالَت، نِظامِ عدل |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | رَحم وکَرم، شان وشَوکَت، عَقل وشُعُور |
| | عَلٰی صِرَاطٍ | عَ لَا صِ رَا طِ | راہ پر (گامزن) ہے؟ | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستَقِیم (رسالہ کا نام) |
| | مُّسْتَقِيْمٍ ۷۶ ع | مُ سْ تَ قِیْ مْ | سیدھی | ق و م | اِستقامَت فِی الدّین، مُقِیم، خَطِ مُستَقِیم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بِخَيْرٍ ۙ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾

وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا، کیا یہ اور وہ جو عدل کا حکم دیتا ہے اور ہے بھی سیدھی راہ پر، برابر ہو سکتے ہیں؟ ﴿٧٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٧ | وَلِلّٰهِ | وَلِل لَا ہِ | اور اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | غَيْبُ | غَا ئِ ءُ بُ | غیب | غ ی ب | غیب کا علم، غِیاب، غَیبی اَمداد |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کا | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ؕ | وَلْ اَرْض | اور زمین کا | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | وَمَآ | وَ مَا.. | اور نہیں ہے | | |
| | اَمْرُ | اَمْ رُ | معاملہ | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | السَّاعَةِ | س سَا عَ ۃِ | قیامت کا | س و ع | یومُ السّاعَہ (قیامت کا دن)، سَاعَتِ کُبریٰ، سَاعَات |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا مَا شَاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلِیل |
| | كَلَمْحِ | کَ لَ مْ حِ | جھپکنے کی طرح | ل م ح | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ، لَمحہ بہ لَمحہ، لَمحات، لَمحۂ فکریہ |
| | الْبَصَرِ | لْ بَ صَ رِ | آنکھ | ب ص ر | بَصَارت، بَصِیرت، سَمع وبَصر |
| | اَوْ | اَ وْ | یا (بلکہ) | | |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہ | | |

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ

آسمانوں اور زمین کا غیب صرف اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے، اور قیامت کا امر تو ایسا ہی ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا، بلکہ اس سے بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَقْرَبُ ؕ | اَقْ رَبْ | اس سے بھی زیادہ قریب ہے | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عزیز و اَقارِب |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
